Bhutto's supporters have consistently argued that he had no reason to order Qusuri's murder because he (Bhutto) didn't feel threatened by him. Begum Bhutto has, in private, admitted that Bhutto did not mean "kill" when he used the words "eliminate" for Qusuri. Regardless of whether Qusuri was a threat to Bhutto, he had been attacked three times b efore without a single inquiry being completed into these attacks In the final murder in which Qusuri's aged father was killed, Bhutto had been categorically and unmistakenly named as the Principal accused in the FIR, registered on Nov. 11, 74 only a few hours afte the attack and murder. And it is a matter of history now that no one questionedBhutto or asked for ANY clarification despite his name being fully registered in the body of the FIR. No explanation has been offered so far although the law categorically requires so.

But Bhutto's supporters seem to take another view; they continue to attack the integrity of the courts unless a "Not Guilty" verdict is returned - at least for Bhutto otherwise the courts stand condemned. An even mor banal argument claims that since most big landlords in Pakistan commit murders, why shouldonly Bhutto be punished for one? No civilized society would accept such an argument.

In the final analysis, it is not important whether Bhuto is an evil force or conversely, the most popular leader in Pakistan, what must be of prime significance is the fact whether he ordered the murder of a political opponent. Let the Supreme Court's verdict be accepted without reservations by all and not tempered by mercy for as Iqbal wrote:

"Justice is an inestimable treasure; but we must guard it against the thief of mercy." □

CURTAILING PRESS FREEDOM

Sucessive governments in Pakistan have taken an almost identical stand regarding press freedom since 1957. Out of power political parties and groups have championed the cause of press freedom but upon assuming high office, the press is always the first victim.

Infact the familiar pattern is to allow the press freedom for a while and then gradually tighten grip around it. Admittedly the vast majority of newspapers and periodicals in Pakistan are quite insipid and prefer to tow the line of the party or govenment in power. It is not unusual to find newspapers singing praises of a leader in power today and heaping unimaginable abuse the next day upon ouster. The majority of newspapers specialize in journalistic actobatics that would put the chinese acrobatic team to shame. Of course it would be utterly irresponsible to sweep everybody with the same broom: brave souls like Altaf Hasan Qureshi of URDU DIGEST and ZINDAGI or Salahuddin have withstood the terror and persecution of successive governments. Imprisonment, harassment and confiscation of the Press are some of the tools used against them but they have continued the struggle for truth regardless of the price. But these are voices in the wilderness to be cherished and treasured.

Bhutto's era must rank as the darkest period for press freedom; he did not leave much intact in other spheres either. With the adv ent of the military government and promises of more freedom, it was hoped that the period of victimization and witch-hunting would be over. But alas! similar arguments are now being advanced that were so common during the Bhutto era. Some newspapers are accused of spreading rumours, sensationalizing and distorting the facts and therefore the government has decided to sensor or ban them.

Admittedly the number of papers banned is small and the government allegation of irresponsible and sensational reporting designed to flame hatred against the government may be correct. Similarly the government's claim that there is greater press freedom today than there was during Bhutto's so-called democratic regime may also be absolutely correct but why compare with that dark era? Didn't the people of Pakistan ovewhelmingly reject that government and drive it out of office? Bhutto's standards are hardly worth mulating; the aim should be to compare with the highest, not the lowest of all standards.

And if every paper that writes against the government of the day is banned, there is never going to be any responsible journalism.

Besides no paper has yet been banned for writing sensational stories against Bhutto afte his ouster - something equally abhorent in the journalistic profession.

People of good intentions have to follow the more difficult path of confronting the forces of evil on legal grounds. This is a much more arduous and time-consuming process in which the culprits may not be effectively brought to books but creating the solid foundations of a society is never an easy task.

Banning newspapers belonging to the opposition camps and sending journalists to jail simply makes martyrs out of them and giv es them much-needed but undeserved publicity. Few pape r and journalists in Pakistan would escape the charge of bias towards one or another political party, philosophy or ideology. The majority of newspapers are so dull and unimaginative that the people quite rightly use them for garbage disposal.

If the press in Pakistan is expected to follow norms of decency and journalistic ethics, thefirst steps in this process must come from the government in power. It requires repeated efforts to instill the spirit of responsibility, particularly in those who have a vested interest in disorder. □

INTRODUCE CRESCENT TO A FRIEND

Are You Facing Racial Discrimination Or Racial Assaults?

PLEASE FILL IN THE FOLLOWING AND SEND

TO US: 338 Hollyberry Trail, Willowdale, Ont., Canada M2H 2P6 Phone: (416)493–4374

NAME:...

PHONE NO: ....

ADDRESS: ....

....

BRIEF DESCRIPTION OF INCIDENT:
(In English or Urdu)

....

....

....

....

....

OPPORTUNITY

MAKE EXTRA $ AND EXPAND

FOR MEDIUM AND SMALL BUSINESSES. OPPORUNITY FOR GOOD START, IF YOU PLAN TO START YOUR OWN BUSINESS IN NEAR FUTURE.

OUR CONCEPT IS BASED ON GEOGRAPHICAL DISTRIBUTION, PROTECTION OF PRODUCTS, WHICH ARE ACQUIRED AT AN EXCEPTIONALLY COMPETITIVE COST.

IF YOU HAVE ANY PRODUCT IN MIND, WE CAN HELP YOU TO TRACE IT ANYWHERE IN THE WORLD.

WRITE IN DETAIL THE PRODUCTS YOU ARE INTRESTED IN AND QUANTITY NEEDED TO:

HUMA
1714-170 LEES AVE.
OTTAWA, K1S 5G5
TEL: (613)-238-7332

Reconditioned cars from Japan

TOYOTA–DATSUN–MAZDA

We ship completely reconditioned cars directly from Japan duely inspected for export by the Japan Automobile Association under control of Japanese Govt.

You can now take a car home to Pakistan after 6 months stay or send gift to your family after two years.

In addition, we ship complete range of 220 volt 50 HZ electrical appliances like TVs, Refrigerators, Washing Machines, Air Conditioners, Sewing Machines etc direct to your homeland.

For more detail, please contact:

The most repuated name for personal export in North America

AALICE INTERNATIONAL
3240 Bloor St.,W.,Suite No.5A
Toronto, Ont. CANADA, M8X 1E4
Tel:(416)231-1766 & 791-8496

Muslim World

Bomedienne Passes Away At 49

Algiers: Algeria's revolutionary president since 1965, Col. Hourri Bomedienne died in a Coma in an Algiers hospital on Dec. 27, 78. He was 49.

President Bomedienne, who had come to power in a military coup in 1965 replacing Ahmed Bin Bella had first risen to prominence in the Algerian war of liberation against the French. Unhappy with the way the country was run after liberation, Bomedienne and a group of young officers staged a bloodless coup bringing some of the revolutionary spirit into government.

He nationalized the Algerian Gas and Oil industriesand by his sheer hard work and personality soon brought Algeria to the rank of the leaders of the Third World. His high style dipolmacy and quick mind earned him respect and admiration from friends and foes alike. He moved easily between his Muslim brethren, diehard capitalists and ardent socialists.

During the 1974 Islamic Summit Conference in Lahore, Bomedienne along with Gaddafi were instrumental in bringing Bangladesh into the fold of Islamic Countries.

Bomedienne first complained of his illness in September 1978 during a state visit to Syria. He went to Moscow for several weeks of treatment but later returned to Algeria and resumed his duties. As his condition worsened, he was placed in a specially installed unit in an Algiers hospital with doctors from the US, USSR, Britain, West and East Germany and Algeria in attendance. His illness was diagnosed as a rare blood disease named after a Swedish doctor who first discovered it.

For most of these months Bomedienne had been in a coma with several blood-clots developing in his brain but still showing signs of brain activity. He also suffered from kidney ailment.

Algeria meanwhile was being run by members of the Revolutionary council who will now choose a successor to him. The speaker of the assembly has, according to the constitution assumed duties as acting president until a successor is elected within fortyfive days.

Algeria will be in mourning for forty days while the Arab League has declared a week of mourning for this young leader's untimely death. □

Sayings of Prophet Muhammed Pbuh

ADULTERY



Prophet Muhammad said, "When a man committeth adultery, Iman (Faith) leaveth him; but when he leaveth such bad ways, Iman will return to him".

●

Ye followers of Muhammad, I swear by God, there is not anything which God so abhors, as his male and female servants committing adultery.

●

Said Prophet Muhammad, "Now, the adultery of the eye is to look with an eye of desire at the wife of another; and the adultery of the tongue is to utter what is forbidden."

●

Every eye is an adulterer; and whatever woman perfumeth herself, and goeth to an assembly of men, wishing to show herself to them, with a look of lasciviousness, is an adulteress. (That is, every eye that looks with desire upon a woman commits adultery).

●

An old adulterer, a lying king, a proud dervish are accursed.

IRAN, What is At Stake?

In his desperate attempts to hold onto power, the Shah of Iran has, for the umpteenth time, promised to limit his powers and allow the parliament to function more effectively according to the letter of the 1906 constitution. In order to facilitate this, he has sought the services of a 73-year-old University Professor, Ghulam Saddiqui to head a civilian government. The offer has been rejected by the opposition parties, including the exiled leader Ayatullah Khomeini and the people of Iran replied by massive demonstrations in Tehran Mushhad, Tabriz and many other centres. Infact in Tabriz, there were reports of mutiny in the army and government had to rush in fresh troops to contain the situation. According to the government's own admission, at least 1400 people have been killed since the rioting began. The actual figure is certainly much higher.

The Shah's latest attempts to get Shahpur Bakhtiar, deputy leader of National Front and now kicked out, also do not seem to have got off the ground.

With the whole country up in arms against the Shah, why doesn't he quit? Surely he has no political authority to rule and he has even lost all moral authority to do so? But the decision whether the Shah would continue to rule does not rest with him; the US will determine when to replace him because the only effective authority, apart from the people in the streets, is the army which has been equipped with the most sophisticated weapons the US could provide.

Apart from the geo-political significance of Iran as a policeman in the area, there are other aspects of importance too. Iran has the most sophisticated US weapons outside the US, except Israel and it is to protect these that thousands of US military personnel, CIA agents and anti-riot squads hae been flown to Iran in recent weeks. If the Shah is to go, so will the aircraft and other equipment that the US doesnot want to see fall in the opposition's hands. Further, and most important, Iran is the largest supplier of oil to



Israel and if the opposition comes to power, Israel and many other westen nations will lose their oil supplies. Clearly oil is thicker than human rights.

In an ironic twist, both the US and USSR want the Shah to remain in office for different reasons. For the US, the Shah is a kingpin of the region and while the USSR enjoys seeing the Shah under fire and the US in a LIMBO, THE LAST THING THEY WANT IS A RELIGIOUS DOMINATED GOVERNMENT WHICH MAY AROUSE THE SUPPRESSED MASSES OF Kazakhistan, immediately to Iran's North. Meanwhile the US and other western media continue to harp on the Shah's great modernizing spree.

According to latest reports, Iran has had to introduce fuel rationing as oil production has been reduced to less than 10 per cent due to a continuing stoppage by oil workers. All exports of oil have been stopped and Iran Air, the national airline has ben ground to a halt.

As strikes and demonstrations continue, tension in the armed forces rise. It is reported that the army is on the verge of breaking up as more and more soldiers refuse to kill unarmed civilians. Instead they have turned their guns on superior officers of whom scores have been wounded or killed so far.

If the Shah doesn't quit soon, Iran's integrity may fall prey to the months of rioting. □

MARTIAL LAW IN TURKEY

Ankara: Another Muslim country went under martial law following several days of political rioting in 13 major cities of Turkey. The worst affected area was Maras, in the South East of Turkey where scores of people have been reported killed following clashes between rival groups. □

Introduce Crescent to a Friend

Matrimonial

Correspondence desired from unattached pleasant ladies under 30 years old for a handsome divorced Muslim 38, permanently settled in U.S. no bar, no dowery, early marriage. Write with a returnable photograph to:
K. Nadeem
4117 N. 4th Street
Arlington, Virginia 22203

Ph.(703)243-4097 Evenings

●

Pakistani muslim young man immigrant in Canada, good education, age 35; invites matrimonial correspondence from attractive, well-educated muslim young lady in Canada or U.S.A. Please give relevant information with recent photo. All letters will be answered.

K.A.M. c/o Crescent

مختصر مختصر اشتہارات

ضرورت رشتہ

ہندوستان میں مقیم ایک خوبصورت مسلمان لڑکی عمر ۲۳ سال کے لیے کسی شریف مسلمان لڑکے کا فوری رشتہ مطلوب ہے۔ خواہشمند خط لکھیں۔

Qureshi
C/O P.Box 296
Station 'H'
Toronto, Ont. M4C 1LO

شادی خانہ آبادی

دنیا کے کسی بھی ملک مثلاً انڈیا، پاکستان، بنگلہ دیش، سری لنکا، انگلینڈ، شمالی امریکہ، افریقہ اور مڈل ایسٹ وغیرہ میں جہاں بھی ہندوستانی اور پاکستانی آباد ہیں۔ شادی کے لئے ہماری خدمات حاصل کریں۔

تفصیل کے لئے ہمارے کسی بھی دفتر کو اپنا مکمل پتہ اور جوابی لفافہ ٹکٹ لگا کر ارسال فرمائیں۔

INTERNATIONAL MARRIAGE SERVICE (Regd.)
Head Office
P.O. BOX 951, STATION "A"
SCARBOROUGH (TORONTO)
ONTARIO, CANADA M1K 5E4

آپ کے خطوط

جناب ایڈیٹر "کریسنٹ"

گزشتہ دو سال سے نظام مصطفےٰ کا بہت چرچا ہوا۔ اس نعرے پر کئی قیمتی جانیں ضائع ہوئیں لاتعداد بندگان خدا زخمی ہوئے۔ اسلام کا مطلب شراب نوشی زنا اور لباس کے طریقہ کار اور گھوڑ دوڑ پر پابندی سمجھا گیا۔ آج تک کسی مرد مومن نے نہیں بتایا کہ معاشرہ صاف کیے بغیر اسلام کیسے نافذ کیا جائیگا۔ ہم جیسے جاہل ابھی تک اندھیرے میں ہیں کہ نظام مصطفےٰ میں طرز حکومت کیا ہوگا۔ جنرل ضیاء الحق نے صدارتی طرز حکومت کو اسلام کے قریب ٹھیرایا۔ قوانی ہی تو بھٹو نے پارلیمانی نظام اپنانے کا عہد کیا۔ مجھے یقین ہے اور دین کا علم نہ ہونے کے باوجود مصدقہ طور پر کہہ سکتا ہوں کہ مغربی طرز حکومت (پارلیمانی نظام) ہرگز ہرگز نظام اسلام میں نہ تجویز ہوا ہے اور نہ پچھلے تیرہ سو برس میں اس پر عمل ہوا۔ پھر کیا وجہ ہے کہ ایک طرف نظام مصطفےٰ اور دوسری طرف پارلیمانی نظام حکومت کیلئے جدوجہد کی جارہی ہے۔ ابھی حال ہی میں جناب محمود اعظم فاروقی، امیر جماعت اسلامی نے شمالی امریکہ کا دورہ کیا۔ انہوں نے انتخابات کا ہونا لازمی ظاہر کیا۔ یعنی تب تک انکی نوکری پکی۔ ہم نے فاروقی

بی سے سٹر یٹرن ہوٹل میں سوال کیا تھا کہ عوام چاہتے ہیں کہ بھٹو سے لیکر اسکے گاؤں کے پٹواری تک کا احتساب کے ہسپتال میں داخل کیا جائے لیکن ایسے نہیں ہوا۔ کیا یہ فعل قابل مذمت نہیں ٹھیرایا جائیگا۔ انہوں نے فرمایا کہ ہم نے فیصلہ کیا ہے کہ کسی سرکاری ملازم کو اس کے ماضی کی کارکردگی کی وجہ سے کچھ نہیں کیا جائے ایسے بدوبانت لوگ بہ شعبے میں ہیں۔ اور اپنے آقاؤں کو خوش کرنے کیلئے ہر جائز و ناجائز فعل کرتے ہیں۔ اگر یہ بات ہے تو فاروقی جواب دیں کہ جنرل امتیاز، یوسف بچ، نسیم احمد اور افضل اقبال کس مرض میں مبتلا تھے جو ان کو نکال دیا گیا ہے اور باقیوں کے خلاف کوئی ایکشن نہیں لیا جائیگا۔ اگر اسی کا نام ہی احتساب رکھا گیا ہے تو یہ وزارتوں کے مانگنے معاشرہ ہے کہ اور CORRUPT کر بیٹھے نہ کہ معاشرہ صاف۔ کیا اسلامی نظام ہی سکھاتا ہے ایک جماعت جو چالیس سال سے قائم ہے اور جسکے کارکنوں کی اکثریت تنخواہ دار ہے اور جنکی شاخیں دورہ خیبر سے لے کر کیری (انڈیا نام) تک پھیلی ہوئی ہیں پچھلے انتخابات میں جبکہ بنگلہ دیش بھی شامل تھا۔ صرف چار سیٹیں لے سکی تھی کوئی ان اسلام کے ٹھیکیداروں سے پوچھے کہ تمہاری جماعت کے سارے ہی کارکن رضاکارانہ خدمت گزار تھے۔ اور تم نے پچھلے انتخابات میں کتنی سیٹیں حاصل کرلیں۔ تمہیں تو یاد نہیں تھا (وہ نائب صدر ہیں بھٹو کی پارٹی سے منتخب ہوا تھا اور خود تمہیں اپنا زرضمانت بچانا دوبھر ہوگیا تھا۔ جماعت اسلامی کے ارکان نے بہت ساری اور بہت اچھی کتابیں لکھی ہیں جنکی ہم قدر کرتے ہیں لیکن WORLD AFFAIRS پر ان کی کوئی کتاب ہم نے نہیں دیکھی پھر بھی اقتدار کی منزل کی تلاش کرتے پھر رہے ہیں۔ مگر افسوس کہ یاؤں رکھنے کو کوئی زمین ہی نہیں ملتی۔ آپ ذرا اپنے حال پر طائرانہ نظر ڈالیں تو اپنے حال چال کا خود ہی پتہ چل جائے گا۔ دنیا میں سرآنکھوں پہ لیکر نعرے لگا لیتے ہیں۔ اور بھی بہت سارے اسلامی ممالک ہیں۔ معلوم کہاں کہاں اسلامی نظام رائج ہے۔ پاکستان میں اسلامی نظام نافذ کرنے کا لائسنس صرف ایک جماعت اسلامی کے پاس ہے جیسے قیام پاکستان کی ڈیشکری الشنسی تھی۔ یکطرفہ احتساب رائج کرنے والے کبھی اسلامی نظام قائم نہیں کرسکتے یہ محض ایک ڈھونگ ہے۔ اگر یہ ڈھونگ رائج کرنے کا تجربہ کیا گیا تو تباہ کن نتائج برآمد ہونگے۔

ارشد پرویز
(وزان ملو)

پاکستانی ریئل اسٹیٹ بروکر
جائیداد کی خرید و فروخت کے لئے
نسیم مظفر
PHONE: 491-2205
MORTGAGES
APPRAISALS
COMPLETE SERVICES
150 Consumer Rd. Suite 407
Willowdale, Ontario.

اسلامی نظام کے نفاذ کو روکنے کی کوششیں کی جارہی ہیں

پیر پگارہ کے موقف میں کوئی تبدیلی نہیں آئی : مفتی محمود

راولپنڈی ۔۔۔ پاکستان قومی اتحاد کے صدر مولانا مفتی محمود نے پاکستان کے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ ملک میں اسلامی نظام کے نفاذ کے خلاف کی جانے والی سازشوں کو ناکام بنادیں۔ کمبائنڈ ملٹری ہسپتال سے فارغ ہونے کے بعد انہوں نے اپنے وقت کے ایک عصری ملاقات میں بتایا کہ اسلام دشمن طاقتیں نہیں چاہتیں کہ ملک میں اسلام کا نظام ہو اس لیے اب مختلف ذرائع سے اس کے نفاذ کو روکنے کی سازشیں کی جارہی ہیں۔ مفتی محمود نے پاکستان مسلم لیگ کے بحران کے بارے میں ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ مسلم لیگ کے دونوں دھڑے اپنے موقف پر قائم ہیں اور اس مسئلے میں صورت حال وہی ہے جو اب سے دو ہفتہ قبل تھی۔ پاکستان قومی اتحاد کے سربراہ مولانا مفتی محمود نے کہا کہ دل کا ایکسرے اور ای سی جی نارمل تھا۔ مولانا مفتی محمود ہسپتال سے فارغ ہونے کے بعد دارالعلوم تعلیم القرآن راجہ بازار کے مہتمم مولانا غلام اللہ خان کے گھر گئے اور وہیں پر کھانا کھایا۔

The new minimum wage rates

یکم جنوری ۱۹۷۹ء سے قلیل ترین اُجرت کی نئی شرح کا نفاذ عمل میں آئے گا۔ نئی شرح حسب ذیل ہے:

	Effective **January 1, 1979
General hourly rate	$ 3.00
Learner, hourly rate	2.90
Construction and Guards at construction sites, hourly rate	3.25
*Hourly rate for persons employed to serve liquor in licensed premises	2.50
*Student, hourly rate	2.15
Ambulance Drivers and Helpers, Weekly Rate	144.00
Hunting or Fishing Guides less than 5 consecutive hours	15.00
5 or more hours whether or not consecutive	30.00
*Room and Board The following maximum rates apply when room and board are included in calculating the minimum wage:	
Room, weekly	11.00
Meals, each	1.15
weekly	24.00
Room and Meals, weekly	35.00

*no change from previous rate
**the entire work week in which January 1 falls

قلیل ترین اُجرت کی نئی شرح اور ایمپلائمنٹ اسٹینڈرڈ ایکٹ کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرنے کے لیے آپ اس پتے پر لکھیے یا فون کیجیے:

Employment Standards Branch
Ontario Ministry of Labour
400 University Avenue
Toronto, Ontario
M7A IT7
(416) 965-5251

Ontario Ministry of Labour
Employment Standards Branch
Hon. Robert G. Elgie, M.D., Minister

نام اور نامۂ اعمال!

ایک اخبار کے فلمی ایڈیشن کے رپورٹر صاحب نے خبر دی ہے کہ فلمی دنیا میں موجود بے پناہ توہم پرستی کی وجہ سے ان دنوں "ن" سے شروع ہونے والے ناموں کو خاصا "بابرکت" سمجھا جارہا ہے۔ کیونکہ اس نام کے لوگوں کو فلم میں بہت کامیابی حاصل ہوئی ہے۔ مثلاً نجمہ، نازلی، نیلو، نرین تاج اور ناہید اختر وغیرہ۔ رپورٹر صاحب نے کچھ نام اور بھی لکھے تھے، جو اس وقت ہمارے حافظے سے محو ہوگئے ہیں۔ جو نام ہمیں یاد رہ گئے ہیں وہ بھی غنیمت ہیں، کیونکہ اصل چیز نام نہیں وہ کام ہے۔ جس پر انحصار ہے واقعی نام پیدا کیا ہے!

رپورٹر صاحب کا دائرہ کار چونکہ صرف فلم تک محدود تھا

اس لئے انہوں نے "ن" سے شروع ہونے والے ناموں کا دائرہ بھی فلمی صنعت کے افراد تک ہی محدود رکھا ہے ورنہ سیاست کی صنعت سے وابستہ نمایاں افراد بھی اس فہرست میں آسکتے تھے کیونکہ ان میں بھی "ن" سے شروع ہونے والے نام اعمال کے نامۂ اعمال خاصے بابرکت ہیں۔ مثلاً اپنے نوابزادہ میاں ہیں، جنہوں نے یکساں طریقے سے دھوپ چھاؤں جھیلی ہیں۔ نظریاتی وہ اپنی چشم سرمہ سا سے ابھی تک کئی ہی کو گھائل کرچکے ہیں۔ ان کا تازہ بسمل خود قومی اتحاد ہے جن کے ساتھ انہوں نے جانے کتنے عہد و پیمان باندھے تھے۔ دھوپ کے دعدے کئے تھے اور زندگی بھر ساتھ نہ چھوڑنے کی قسمیں کھائی تھیں لیکن وہ سب دھرے کے دھرے رہ گئے۔ اس کے باوجود ان کے نام کی برکت ابھی تک قائم ہے اور وہ تا حال "قابل فروخت" ہیں۔ واضح رہے کہ یہ "قابل فروخت" ہم نے SALEABLE کے الٹ کا ترجمہ کیا ہے جو مقبولیت ظاہر کرنے کے معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔

ویسے فلمی صنعت سے وابستہ "بابرکت" ناموں کی فہرست میں ادھوری معلوم ہوتی ہے کیونکہ یہاں صرف "ن" سے شروع ہونے والے ناموں ہی نے مقبولیت حاصل نہیں کی، بلکہ "ر" والے بھی بہت کامیاب ثابت ہوئے ہیں۔

مثلاً اقبال حسن، افضال اور الیاس کاشمیری وغیرہ اور یہی صورت حال سیاسی صنعت سے متعلق آقاؤں کی بھی موجود ہے۔ چنانچہ اصغر خان اس کی بہت واضح مثال ہیں۔ ائیر مارشل کے طور پر ان کی خدمات ناقابل فراموش ہیں۔ ان کی پی آئی اے کی سربراہی کا دور بھی بے داغ ہے۔ حتیٰ کہ اپنی سیاست میں بھی وہ معصوم ہیں۔ بلکہ بھولے بھالے ہیں کہ یقین کرو بھولے بادشاہ "ہیں۔ اور اسی بھولے پن میں وہ مذل" کی طرح علیحدہ جا کر لیٹے ہوئے ہیں۔ اور منفرد دکھائی دیتے ہیں اور یہی ان کی خواہش ہے کہ وہ منفرد دکھائی دیں۔ سوراں کی کامیابی کا راز اسی وہیں ہے اور وہ صرف ہیں "بھولے بادشاہ" ہونے میں بھی ہے کہ "بھولا" ہونا بڑی BLESSING ہے! یہاں یہ واضح رہے کہ یہ فقرہ لکھتے وقت ہمارے پیش نظر کوئی انگریزی محاورہ نہیں تھا۔

یہ سطور لکھتے وقت ہم نے ذہن پر قدرے زور دیا ہے تو یاد آیا ہے کہ رپورٹر مذکورہ نے بابرکت ناموں کی فہرست بناتے وقت صرف حال کو مد نظر رکھا ہے اور ماضی کو بالکل بھول گئے ہیں جبکہ کسی بھی شخص کو کسی بھی صورت ماضی کو فراموش نہیں کرنا چاہیئے۔ چنانچہ ہم ماضی قریب کی فلمی دنیا پر نظر دوڑائیں تو ان دنوں "ر" سے شروع ہونے والے نام خاصے مقبول رہے ہیں۔ مثلاً ایک اداکارہ رخسانہ ہوا کرتی تھیں جن کا قد اگرچہ چھوٹا تھا لیکن وہ کچھ عرصے کے لیے خاصی مقبول ہیروئن رہیں۔ اسی طرح ایک کامیڈین اداکارہ رضیہ تھی۔ اس کا بھی قد چھوٹا تھا مگر وہ پنجابی فلموں کے لیے لازم و ملزوم بن کر رہ گئی تھی۔ لیکن اب یہ دونوں اداکارائیں پردۂ سکرین سے غائب ہوگئی ہیں۔ شاید اس لیے کہ ان کا قد چھوٹا تھا اور وقت خود بڑا ہوگیا تھا۔

ماضی قریب کی سیاست میں بھی "ر" سے شروع ہونے والے ایک نام نے بے حد مقبولیت حاصل کی یہ نام رفیق باجوہ کا تھا اور اب یہ نام بھی پردۂ سکرین سے غائب ہوچکا ہے! رفیق میں "ف" بڑی اہم ہے کسی زمانے میں خود کو بالعموم "ف" ہوتا تھا۔ لیکن اب اس کی "مارکیٹ" نیلام ہوتے ہوتے بڑی مشکل سے بچی ہے۔ فلمی دنیا میں اسے کون نہیں جانتا لیکن الف والے اعجاز کے عشق میں مبتلا ہونے کے بعد اسے غلیں محسوس ہوئی ہے کہ اب فردجہاں کا جاہ کو زندہ رکھا ہے مگر اعجاز بھی اللہ کی کسی جیل میں ہی پیما رہا ہے۔ یوں تو الف سے ی تک تمام حروف پر بحث ہوسکتی ہے۔ لیکن کبھی فرصت کے وقت سہی۔

سال کے ایک سو کام ہیں جن کا ہم نام تھا۔ جن میں دو وقت چاولوں کی بجائے اللہ دیتی تھی۔ بچپنکہ یہ جو صورت تھا کیونکہ ہے پوشش ذوق شوق سے کام کرتا تھا۔ پھر بعد شوق کا مضامین ہم نے چاول کی جاؤ پکا۔ جب کیسے کہ کیا چاولوں پر جا پکوں کو لیلکے یہ کیا وہ کوئی کیا ہے گی؟

غزل

عزیز احمد

ماہِ تاباں نے چھپایا رخِ انور اس رات
جو ستارے تھے بنے ٹوٹ کے اخگر اس رات
آسماں سے یہ کہو حشر کی تاریکی ہیں
پھر سے جلوئے چراغِ مہ و اختر اس رات
کتنے شہروں سے، دیاروں سے، رگذر گاہوں سے
کتنی یادوں کے چلے آتے ہیں لشکر اس رات
قلب کے پاس سلگنے لگا اک شعلۂ سُرخ
ایک خنجر ہے رگِ جاں کے برابر اس رات
اِتنی شدت سے چلی شہر و بیاباں میں سموم
بادشاہوں کے اُڑے جاتے ہیں افسر اس رات
جاں میں وہ آگ لگی ہے کہ عیاذاً باللہ
ملک الموت کے جل جائیں نہ شہپر اس رات
دُور جانا ہے، شبِ تار ہے، تنہائی ہے
اک نگاہِ کرم اے شافعِ محشر اس رات
ہے تہی ساغرِ گل، لطف کی شبنم برسے
جرعۂ ناب ملے ساقیِ کوثر اس رات

باقی نہیں رہتی۔ انہوں نے ترقی پسند ادب کی وضاحت بڑے ہمدردانہ اور مثبت انداز میں کی ہے لیکن اس کے باوجود انہوں نے اپنی تنقید اور تجزیہ میں خارجی نقطۂ نظر کو یکسر ہاتھ سے بھی جانے نہیں دیا۔ جہاں تنقید کی ضرورت تھی وہاں انہوں نے برابر قصد لگائی ہے خصوصاً تکنیک اور فن کی کمزوریوں کا خوب محاسبہ کیا۔ "ترقی پسند ادب" سے اس کی کئی مثالیں دیکھا سکتی ہیں جو جا بجا بکھری پڑی ہیں۔

عزیز احمد کی دوسری کتاب جس کا مطالعہ اقبال کے ہر پڑھنے والے کے لئے ناگزیر ہے، وہ ہے اقبال۔ ایک نئی تشکیل۔ یہ کتاب اگرچہ کہ بظاہر فلسفیانہ بحثوں سے معمور نہیں ہے لیکن اقبال کے فن اور پیغام کو سمجھنے میں اس کے پس منظر کی جس دلنشیں انداز میں وضاحت کی گئی ہے اس پر اس سے بہتر ابھی کتاب میری نظر سے نہیں گذری۔ اقبال پر لکھنے والے عموماً یا تو اسلامی پس منظر رکھتے ہیں یا پھر ان کا تعلق مغربی علوم و افکار سے ہوتا ہے۔ بہت کم شارحین اقبال مشرق و مغرب دونوں کے شعر و فلسفہ کے ساتھ ساتھ فکر و فن کو اقبال ہی کے انداز میں سمجھنے کی اچھی اور قابلِ اعتماد صلاحیت رکھتے ہیں۔ اس اعتبار سے اقبال کے ذہن کو اس کے صحیح PERSPECTIVE میں سمجھنے سمجھانے کا بہترین ذریعہ عزیز احمد کی کتاب ایک نئی تشکیل ہے۔

عالمِ اسلام میں ویسے بھی احیاء ثانیہ قسم کا کوئی دور شروع نہیں آیا۔ بس یونہی جذباتی یا فکری تحریکیں اٹھتی رہی ہیں لیکن ان کا اثر دیرپا یا عالمگیر نہیں رہا۔ زیادہ سے زیادہ یہ ہوا کہ جہاں ایسی شخصیتیں یا تحریکیں اٹھیں وہاں کچھ تبدیلیاں پیدا ہو گئیں۔ برصغیر ہند و پاک میں بھی کچھ ایسا ہی معاملہ ہوا۔ مغلیہ سلطنت کے زوال کے بعد ہندوستان میں مسلمانوں کے ساتھ جو سلوک ہوا اس نے شاہ ولی اللہ اور سرسید احمد خان پیدا کئے جن کی آخری کڑی اقبال کی ذات تھی اس رخ سے اقبال کو تنقید کا نشانہ بھی بنایا گیا کہ ایک شاعر اور فلسفی کو کسی ایک فکر یا فلسفہ کا پابند نہیں ہونا چاہئے بلکہ کل عالم انسانیت کی نمائندگی کرنا چاہئے ویسے تو یہ اعتراض خود تعصب کی راہ سے ہوا ہے لیکن اس جگہ اس بحث کو پھیلانا بھی مقصود نہیں ہے اور نہ ہی مناسب۔ لیکن جو صورت اقبال کو پیش آئی بلکہ وہی مسئلہ عزیز احمد کے بھی سامنے آیا اور ان پر فرقہ پرستی کا الزام بھی لگایا گیا۔

ہندوستان کے مسلمانوں کے ساتھ عجیب عجیب قسم کی ستم ظریفیاں ہوتی رہی ہیں۔ آزادی کی جدوجہد کے دوران اکثریت کی ساری کوشش یہی رہی ہے کہ ملک و دولت کی کلیدان کے ہاتھ رہے۔ ساتھ ہی مسلمانوں سے ہندوستان کی وفاداری کا ثبوت مانگا گیا اور اس کے لئے یہ شرط رکھی گئی کہ وہ انھیں تہذیبی قدریں خالص ہندوستانی دیومالا والی قدروں سے اخذ کریں اور ہر وہ ربط جو باہر سے رشتہ جوڑتا ہے اسے منقطع کر دیا جائے۔ عزت نفس پر جب اس طرح چوٹ لگی تو مسلمان تلملا گئے۔ مذہبی، تاریخی و تمدنی قدروں کو مسلمان کسی بھی صورت خیرباد کہنے کو تیار نہیں تھے۔ چنانچہ وہ ہر طرح سے برہنی عسکریت کے خلاف صف آرا ہو گئے جس کا نشانہ ترقی پسند ادیب جو ہندوستانی معاشرہ کی اصلاح خالص انسان دوست جذبہ کے تحت چاہتے تھے

اور معاشرہ میں دولت کی نامنصفانہ تقسیم اور فرسودگی کی بنا پر جو انارکی پیدا ہو رہی تھی اس کا سدباب چاہتے تھے۔ وہ عجیب دور رہا ہے پر آکر کھڑے ہو گئے۔ کیا ہندوستانی اور ترقی پسند ہونے کے لئے یہ بھی ضروری ہے کہ وہ اپنے مذہبی اور تمدنی ورثے سے تعلق توڑ لے؟ کیا عزیز احمد کے لئے یہ ممکن تھا کہ وہ عربی فارسی اور مذہب اسلام کے عظیم الشان سرمایہ سے رشتہ توڑ کر ایسے ہندوستانی سرمایۂ فکر کا حصہ بن جاتے جو ابھی خود عالمِ وجود میں نہیں آیا تھا اور جسے محض اس لئے اچھالا جا رہا تھا کہ ہندو مسلم گنگا جمنی تہذیب نے جس زبان اور جس کلچر کو جنم دیا تھا اسے محض بربنائے تعصب ہندوستانی اکثریت قبول کرنے کے لئے تیار نہیں تھی۔ کچھ ادیبوں نے اس قسم کی حرکت کی۔ افسوس کہ ہم نے خود ہی دیکھ لیا کہ ان کی نام نہاد ہندوستانیت نے نہ تو انہیں ہی کچھ فائدہ پہنچایا نہ ان کی آل اولاد کو ہی۔ اس زبان و کلچر کو جس کے سہارے انہوں نے نام پیدا کیا تھا۔ سجاد ظہیر اس کی بہترین مثال ہیں۔ وہ کمیونزم سے ہندوستانیت کی راہ ہوتے ہوئے تصوف تک آئے۔ ان کا آخری ادبی کارنامہ دیوانِ حافظ کی اشاعت تھا۔ آج ہندوستان میں جس جگہ وہ پیدا ہوئے، جو ان کے علمی ادبی اور عملی کاموں کی جولانگاہ رہا، وہاں حافظ کی زبان تو خیر ان کی اپنی زبان سمجھنے والا کوئی نہیں۔

اقبال کی دوربیں نگاہیں "ادبی ایمان" برہمنیت کے طلسم ہوشربا سے نہیں خیرہ ہوتیں اور نہ ہی قسمرل ہیں نتیجہ یہ نکلا کہ اقبال کا کلام آج بھی جوش اور ولولہ پیدا کرتا ہے۔ اور ہم عزیز احمد کی کتاب کو اس لئے قابلِ قدر نگاہوں سے دیکھتے ہیں کہ انہوں نے ان فکری ماخذات کو نہایت حسین اور دلکش انداز میں سمجھایا ہے جنہوں نے اقبال کے ذہن کی تشکیل ہوتی ہے۔ اقبال کے ماخذات مشرقی بھی ہیں اور مغربی بھی اسلامی بھی ہیں اور برہنی بھی۔ اقبال نے کمیونزم اور دیگر سیاسی و معاشی اصولوں سے بھی استفادہ کیا اور مغربی فلسفہ و فکر سے بھی۔ صاحب عمل انسانوں نے اقبال کو بہت متاثر کیا ہے اور ان قوتوں نے بھی جن سے زندگی خود قوت اور نظم حاصل کرتی ہے۔ بعض جگہ یہ باتیں الجھی ہوئی نظر آتی ہیں اور بعض جگہ متضاد۔ کئی جگہ تعبیروں میں اختلاف پیدا ہو گیا ہے تو کئی مقامات ایسے بھی ہیں جہاں بات ہی واضح نہیں ہوتی۔ ان تمام مسائل پر عزیز احمد کی کتاب ایک سیر حاصل تبصرہ پیش کرتی ہے۔ عزیز احمد کی شخصیت خود مشرق و مغرب کا ایک متوازن تہذیب کی پروردہ ہے۔ ان کے ہاں اقبال کی طرح فارسی، عربی اور انگریزی جرمنی روایات اور علم و فنکر کا حسین امتزاج ہے۔ ادب اور تاریخ کا

دونوں کے ہاں ایک وسیع مطالعہ ہے۔ نتیجہ یہ ہے کہ اقبال کے ذہن کی گہرائیوں کو سمجھنے میں اور ان کی شرح کرنے میں عزیز احمد جیسی موزوں شخصیتیں اردو ادب میں کم تر ہیں۔

عزیز احمد ۴۹-۱۹۵۱ء تک پاکستان میں رہے۔ اس دوران وہ پاکستان میں محکمۂ فلم اور پبلیکیشنز میں ڈائرکٹر بھی رہے۔ اس محکمۂ مطبوعات کی ملازمت کے دوران کئی اردو و انگریزی رسالے ان کے زیرِ انتظام پاکستان سے شائع ہوئے جن میں ماہِ نو، ہلال وغیرہ ابھی تک جاری ہیں کچھ دستاویزی فلمیں بھی پاکستان کے لئے بنائیں۔ پھر ۱۹۵۷ء میں لندن یونیورسٹی چلے گئے۔ جہاں وہ ۱۹۶۲ء تک درس و تدریس میں مشغول رہے۔ ۱۹۶۲ء میں ٹورانٹو یونیورسٹی کی دعوت پر ٹورانٹو آ گئے۔ ۱۹۶۵ء میں پروفیسر مقرر ہوئے اور ابھی تک اس خدمت پر مامور ہیں۔

لندن کے دورانِ قیام عزیز احمد کی زندگی کا دوسرا باب شروع ہوتا ہے اس زمانہ میں انہیں مسلمانوں کے تمدن سے دلچسپی پیدا ہوئی اور اب انہوں نے تاریخ کے موضوع پر لکھنا شروع کیا۔ اور یہیں سے انہیں بین الاقوامی شہرت بھی حاصل ہوئی۔ یہ دور در اصل تحقیقی ادب کے بجائے تاریخ اور تفکر کا دور رہا ہے اس دور میں جو انہوں نے کتابیں لکھیں ہیں ان کی عالمانہ حیثیت پر بین الاقوامی علمی حلقے مہر اعتراف ثبت کر چکے ہیں۔ لندن یونیورسٹی نے اسی اعتراف کے ساتھ انہیں ڈی لٹ کی (اعزازی ڈگری) ۱۹۷۲ء میں عطا کی۔ عزیز صاحب غالباً واحد پاکستانی ہیں جو اس اعزاز کے مستحق قرار دیئے گئے۔ اس پر مزید اعزاز یہ ملا کہ رائل سوسائٹی آف کناڈا نے انہیں اپنا فیلو بنایا۔ یہاں بھی عزیز صاحب غیر یورپین لوگوں میں تنہا ہی نظر آتے ہیں جو اس سوسائٹی کے فیلو ہو سکے۔ حال ہی میں بحرِ میڈیٹرینین کے علاقہ سے متعلق جو بہترین کتاب شائع ہوئی اس کا اٹلی کی حکومت کی جانب سے ۱۹۷۷ء میں عزیز احمد ہی کو انعام ملا۔ عزیز صاحب کی یہ کتاب سسلی کے مسلمانوں کی تاریخ پر ہے۔ ان کتابوں پر تبصرہ کے لئے ایک علیحدہ مضمون کی ضرورت ہوگی جسے ان شاء اللہ کبھی آئندہ کی صحبت کے لئے اٹھائے رکھتے ہیں لیکن ان کی تصانیف کی فہرست حسب ذیل ہے:

[1] Studies in Islamic Culture & The Indian Environment.

[2] Islamic Moderuism in India & Pakistan, 1857-1964

[3] Muslim Self-Statement in India & Pakistan, 1857-1968

[4] Islamic Surveys:
[a] An Intellectual History of Islam in India
[b] History of Islamic Sicily

۲۹ جون ۱۹۷۸ء کو ٹورانٹو کی ایک محفل میں مضمون نگار کبیر قریشی، لطیف اویسی اور عزیز احمد

اس کے علاوہ بے شمار انگریزی مضامین مختلف رسالوں میں بکھرے پڑے ہیں جو ادب اور تاریخ سے متعلق ہیں مثلاً ہندوستان کے فارسی شعراء وغیرہ۔ ان کتابوں کی اشاعت سے عزیز احمد نے عالمِ اسلام کی جو خدمت کی ہے اس کی اہمیت سے کون انکار کر سکتا ہے۔ کتنے ہی بھولے بسرے کارنامے جو مختلف زبانوں میں ادھر اُدھر زمانہ کی گرد تلے دبے پڑے تھے منظرِ شہود پر آ گئے وہ عظمت کہنہ جو تاریخ کی دھول اور دھویں کی کثافت میں اپنی جلا کھو چکی تھی از سرِ نو چمکنے لگی۔ عزیز احمد نے جس جرأت خلوص اور جانکاہی سے اس مواد کو تلاش کیا اور عرق ریزی سے مرتب کیا وہ ان کی عالمانہ اور ادیبانہ حیثیت پر دال ہے۔ ہندوستان کی سرزمین نے ایسے اسکالر مسلمانوں نے کم ہی پیدا کئے۔

لیکن اس جناحی قسم کی علمیت اور اس عالمگیر شہرت کے باوجود عزیز احمد ذاتی اعتبار سے نہایت منکسر المزاج قسم کی شخصیت کے مالک ہیں۔ ان کے ہاں مزاج انکساری اور اردو تہذیب کی پیدا کردہ شرافت بدرجہ اتم پائی جاتی ہے۔ حافظ غضب کا پایا ہے۔ اس سلسلہ میں جاں نثار اختر مرحوم اور عزیز احمد کے علاوہ میری نظر سے کوئی نہیں گذرا۔ شعر و سخن کی محفلوں میں جس باغ و بہار قسم کی گفتگو ہوتی ہے اور

حسبِ موقع اردو فارسی کے اشعار رستہ بات میں جو گلکاریاں ہوتی ہیں اس کا لطف وہی اٹھا سکتے ہیں جو عزیز احمد کے قریبی دوست رہے ہیں لطیفہ گوئی، بذلہ سنجی، زندہ دلی عام قسم کے لوگوں میں کم ہی دیکھنے میں آتی ہے لیکن عزیز احمد کی باتیں شگفتگی، تازگی کی مانند نہایت دل کش ہوتی ہیں مزے کی بات یہ کہ ان باتوں میں بصیرت کا جو سامان ہے وہ اتم ملتا ہے۔ عزیز احمد کی بعض بھی باتیں بڑی عجیب ہیں۔ چھوٹی چھوٹی باتوں سے بعض دفعہ انہیں پریشان ہوتے دیکھا گیا ہے لیکن بڑی سے بڑی تکلیف اور سخت سے سخت مشکلات کے وقت وہ اقبال کے مردِ مومن بن جاتے ہیں۔ دوستی اور خلوص ایک دوسرے کے مرادف ہو سکتے ہیں عزیز احمد دوستی اور خلوص کے تیسرے معنی ہیں۔ وہ بڑی سادہ زندگی بسر کرتے ہیں لیکن انہیں جو زندگی میں طمانیت حاصل ہے وہ بڑے سے بڑے بادشاہوں کو بھی کم ہی نصیب ہوتی ہوگی۔ کئی اعتبار سے وہ نہایت خوش قسمت رہے ہیں۔ حالانکہ چاندی کا چمچہ لے کر پیدا نہیں ہوئے لیکن زندگی نے انہیں کامیابی کے بامِ عروج پر پہنچا دیا ایسی کامیابی جو عزت اور احترام سے مرکب ہے۔ عزیز احمد کو زندگی میں صرف دو چیزوں سے دلچسپی رہی ایک کو وہ بصارت اور دوسری کو بصیرت کے لئے خطرہ سمجھتے ہیں۔ ان کے متعلق انہی کا یہ شعر کتنا صادق آتا ہے

تجھے تھے ہم جو شی لپنے قدم کی چاپ
کیا جلسے کبھی یہ راہ گذر کو تکتے رہتے

▲▲

پروفیسر عزیز احمد

از محمد حفظ الکبیر قریشی
(ٹورانٹو)

کبیر قریشی صاحب کا یہ مضمون پروفیسر عزیز احمد مرحوم کے علمی کارناموں کا ایک مختصر لیکن بڑی حد تک مکمل جائزہ ہے جو اگرچہ ڈیڑھ دو سال قبل پروفیسر صاحب کی زندگی میں ہی لکھا گیا تھا لیکن اس کی پہلی بار اشاعت کا شرف اب "کریسنٹ" کو حاصل ہو رہا ہے ——— (ادارہ)

بیسویں صدی میں جنگ عظیم اور عالمگیر جنگ کا درمیانی حصہ برصغیر ہند و پاک کی تاریخ کا غالباً سب سے اہم دور قرار دیا جائیگا۔ یہی وہ انقلاب آفریں دور ہے جس میں نہ صرف یہ کہ ہند و پاک کی آزادی کی تحریکیں اٹھیں بلکہ پوری ملکی اور قومی فضا میں نظریاتی مباحث اور عملی اقدامات کی بناء پر ایک تہلکہ مچ گیا تھا۔

اس دور میں ہندوستانی برصغیر نے صحیح معنوں میں اپنے سیاسی شعور اور قومی ضمیر سے آگاہی حاصل کی۔ سیاسی و معاشی نظریات کا کوئی ایسا پہلو نہیں تھا جو زیر بحث نہ آیا ہو اور جس کا علمی، عقلی، جذباتی اور فکری انداز میں پوری قوم نے جائزہ نہ لیا ہو۔ ہندوستانی قوم بدقسمتی سے اپنے سنجیدہ معاملوں میں بھی جذباتی ہی رہتی ہے اس لئے بیشتر ایسے مسائل اس طرح حل کئے گئے، جو کسی کو خوش نہ کر سکے۔ اور اب آزادی کے تیس سال کے بعد بھی ایسا معلوم ہوتا ہے کہ وہ حل کسی کو بھی خوش نہیں رہنے دیں گے۔

بعض حالات میں یہ دیکھا گیا ہے کہ قوموں کا معاملہ بھی افراد کے نجی معاملوں کی طرح ہوتا ہے جس طرح ایک ہی باپ کی اولاد اپنے نجی معاملوں میں اپنی انفرادی حیثیت اختیار کر لیتی ہے اسی طرح کا حشر ہندوستانی قوم کا ہوا۔ ہندو مسلمان سینکڑوں سالوں سے ساتھ رہتے رہتے ایک ایسی تہذیب اور قومی حیثیت اختیار کر چکے تھے جو دونوں کے اتصال کے بہترین اجزاء پر مشتمل تھی افسوس کہ کچھ تو جذباتی عصبیت اور کچھ انداز فکر کی کجی کی بناء پر وان نہیں چڑھ سکی۔ کہیں مذہب آڑے آگیا کہیں تاریخی واقعات کی ستم ظریفی بیچ میں آگئی اور سب سے بڑھ کر یہ کہ جذبات کی ناپختگی نے اس اتصال باہمی کی عمارت مسمار کر دی، یہ ہندوستان کا المیہ تھا جسے ہندوستان پاکستان کے لوگ بھگت رہے ہیں اور جانے کب تک اس کا خمیازہ اٹھاتے رہیں گے۔ بہرحال اس تناتنی نے کانگریس اور لیگ کو جنم دیا۔ اس نحو و جداگانہ نقطۂ نظر پیدا کئے جس سے ایسی آگ لگی کہ اس کی لپیٹ میں پورا برصغیر آگیا۔ اب اس مضمون میں اس کے تفصیلی تجزیہ کا موقع نہیں ہے محض اس پس منظر کو ذہن میں رکھنا کافی ہوگا۔ ساتھ ہی یہ بھی سمجھنا ضروری ہے کہ اس پس منظر کا ایک اور پہلو بھی تھا جس کی اہمیت سے بھی کوئی انکار نہیں کر سکتا۔ سیاست اور مذہب کے جذباتی دائروں میں ہندوستانی عوام کی غربت، مفلوک الحالی اور عام پستی قومی اعتبار سے عالمگیر تھی۔ اس دور میں ہندوستان کا ہر فرد انہی دائروں میں گھوم رہا تھا۔ انگریزوں کا وجود صحیح معنوں میں چیلنج نہیں تھا۔ اصل چیلنج یہ تھا کہ انگریزوں کے جانے کے بعد کیا ہوگا؟ کونسی تہذیب، کس کی معیشت اور کس کا حکم چلے گا؟ یہ مسائل اتنے گمبھیر تھے اور اتنی جہتوں سے صلائے عام دے رہے تھے کہ ان مسائل کے حلوں کی تلاش میں ایک عجیب روز محشر والی نفسا نفسی کی کیفیت پیدا ہو گئی تھی۔

ان مسائل نے جن تحریکوں کو جنم دیا اور جیسی عظیم المرتبت شخصیتوں کو پیدا کیا شاید تاریخ اسے بار بار نہ دھرا سکے یہاں ان کے ناموں اور کارناموں پر تبصرہ کرنا مقصود نہیں ہے لیکن اس مضمون میں ان روایات اور ان شخصیتوں کا سرسری ذکر ضروری ہے جس کی ایک شخصیت عزیز احمد بھی ہیں۔ پروفیسر عزیز احمد ادیب ہیں شاعر ہیں اور تاریخ داں ہیں اور علم و ادب کی ان حسین روایات اور شخصیتوں سے متعلق رہے ہیں جس سے شعور و آگہی کی میراث آگے بڑھی ہے۔ ہندوستان کی دوسری زبانوں کی تاریخ و ترقی کی تفصیل میں یہاں جانے کی گنجائش نہیں لیکن آزادی کی تحریک کے جلو میں اردو زبان و ادب کا کاروان جس تیزی سے آگے بڑھا ہے اور اس نے پوری ہندوستانی قوم کے جذبات کو جو زبان دی ہے اور انقلاب کا تصور پیدا کرنے میں جو کارنامہ انجام دیا ہے اس کی مثال دنیا کی دوسری زبانوں میں شاید ہی مل سکے۔

بیسویں صدی کی ابتدا میں اردو زبان کا نثری ادب محض داستان گوئی اور قصے کہانیوں سے آگے نہیں بڑھا تھا یکساں شاعری بھی جس کی بساط پر تہذیب گنگا جمنی بچھی تھی۔ تھوڑا بہت تنقیدی ادب تھا وہ شاعری سے متعلق یا پھر بہو بیٹیوں کے لئے سگھڑ زندگی برتنے کے طور طریقوں کے نسخے ملتے تھے۔

انتقال سے ایک ماہ قبل عزیز احمد رفیق کے ساتھ۔ (۱۷ نومبر ۱۹۷۸ء)

قومی زندگی کا پہلا شعوری احساس ہمیں پریم چند کے ہاں ملتا ہے۔ ان کے افسانے، ناول ہندوستانی معاشرہ کی ایسی تصویریں کھینچنے لگے کہ پہلی مرتبہ ہندوستان نے اپنا عکس ان آئینوں میں دیکھا۔ پریم چند کی انسان دوست حقیقت پسند روایات نے بیشمار لکھنے والوں کو راہ دکھائی۔ یہ ہندوستان کی تیسری دہائی کا ذکر ہے۔ اس وقت عزیز صاحب اپنے طالب علمی کے دور میں تھے۔ ۱۹۳۴ء میں وہ عثمانیہ سے بی اے (فسٹ) کر کے انگلستان چلے گئے تھے۔ واپسی میں ۱۹۳۸ء سے ۱۹۴۹ء تک جامعہ عثمانیہ میں انگریزی کے پروفیسر رہے۔ اسی دوران نظام حیدرآباد کی بہو در شہوار کے پرائیوٹ سیکریٹری کی حیثیت سے جو ذمہ داریاں انہیں سنبھالنی پڑیں اس کی وجہ سے ان کی ذہنی جولانگاہ دن بدن وسیع تر ہوتی گئی۔ یہ وہ زمانہ تھا جب عثمانیہ یونیورسٹی کی وجہ سے اردو ادب کے بہترین ذہن یہاں اکٹھے ہو گئے تھے مولوی عبدالحق کا قیام بھی یہیں تھا۔ عزیز احمد کے طالب علمی کے زمانے کے خام ناول ہوس اور اس کے بعد مرمر اور خون ۱۹۳۳ء تک شائع ہو چکے تھے۔ اسی سال آپ نے ابسن کے ڈرامے معمار اعظم کا ترجمہ کیا اور ایک منظوم ڈرامہ "خیام" بھی لکھا۔ غرض کہ تیسری دہائی عزیز صاحب کی طالب علمی، یوروپ کی سیاحت، فرنچ اور جرمن زبانوں کے سیکھنے میں گذری، دوستوں میں ڈیمنڈ اون اسپنڈر سے لیکر مخدوم اور ملک راج آنند تک رہے۔

عزیز صاحب نے ۱۹۳۰ء کے بعد بڑی تیزی سے لکھنا شروع کر دیا۔ آل احمد سرور کے ساتھ انتخاب جدید، جدید شاعری کے مجموعہ کو ترتیب دیا۔ ۱۹۴۰ء میں ارسطو کی فن شاعری بوطیقا لکھی۔ دانتے کی کتاب کا طربیہ خداوندی کے نام سے ترجمہ کیا۔

اسی زمانہ میں کشمیر سے واپس ہوتے ہوئے ۱۹۴۲ء میں کرشن چندر کو پڑھنے کا اتفاق ہوا۔ عزیز احمد صاحب کرشن چندر سے بہت متاثر ہوئے کرشن چندر کو پڑھ کر انہیں اچانک اس بات کا احساس ہوا کہ زندگی کتنی آگے بڑھ گئی ہے۔ یہیں سے ان کا رجحان جدید اردو ادب کی طرف بھی بڑھا۔ پھر منٹو اور احمد علی (انگارے) بھی اپنا اثر ڈالنے لگے — ۱۹۴۴ء میں عزیز احمد نے اپنا مشہور ناول گریز لکھا۔ یہ ناول زیادہ تر کشمیر میں لکھا گیا۔ اس وقت تک کرشن چندر، منٹو، عصمت، بیدی اردو ادب کی روایات پریم چند کی دیہی زندگی سے نکال کر شہروں اور شہروں سے بھی آگے خود ذات و نفس کی بھول بھلیوں تک لے گئے تھے اور اردو ادب اور زبان کا کینوس اس مختصر سے عرصہ میں اتنا وسیع ہو گیا تھا کہ وہ عالمی ادب سے آنکھیں ملا سکتا تھا لیکن گریز چھپنے کے بعد اس میں اتنی وسعت اور آگئی کہ ہندوستانی کردار بین الاقوامی سین کا حصہ بننے لگے یہ ناول اس اعتبار سے بڑی اہمیت رکھتا ہے۔

گریز کے بعد فوراً عزیز صاحب نے ۱۹۴۵ء میں اپنا مشہور ناول آگ شائع کیا۔ یہ ناول کشمیر کی زندگی سے متعلق ہے اور وہاں کی زندگی کی منہ بولتی تصویر پیش کرتا ہے۔ آگ کے بعد ۱۹۴۸ء میں ایسی بلندی ایسی پستی شائع ہوا جس کا ترجمہ ۱۹۷۲ء میں پروفیسر رالف رسل نے یونیسکو سے انگریزی میں شائع کرایا۔ ایک رومانی ناول شبنم ۱۹۵۰ء میں لکھا۔ عزیز احمد کے ناولوں میں تین ناول بہت مشہور ہوئے ہیں۔ گریز، آگ اور ایسی بلندی ایسی پستی ان ناولوں کے علاوہ عزیز صاحب نے کئی اچھے افسانے بھی لکھے ہیں۔ ان میں سے "رقص ناتمام" "مدن سینا اور صدیاں" نقوش میں شائع ہوئے۔ ناولوں اور مختصر افسانوں کے علاوہ عزیز احمد کا سب سے اہم ادبی CONTRIBUTION طویل افسانوں کی شکل میں ہوا ہے۔ اس صنف میں اردو زبان میں بہت کم لکھا گیا ہے لیکن جس خوبصورتی اور کامیابی سے عزیز احمد نے تاریخ اور ادبیت کا ان طویل افسانوں میں امتزاج کیا ہے وہ ان کی تخلیقی صلاحیتوں کی بہترین مثال ہے۔ اگر آپ تاریخی کرداروں کو جیتے جاگتے انسانوں کی شکل میں عام انسانی احساسات کے ساتھ دیکھنا چاہتے ہوں تو زریں تاج، خدنگ جستہ اور جب آنکھیں آہن پوش ہوئیں ضرور پڑھیے۔ زبان کی دلکشی واقعات کی جزئیاتی تفاصیل، احساسات و جذبات کے ایسے مرقعے جن سے خود زندگی عبارت ہے ان طویل کہانیوں میں آپ کو متحرک نظر آنے لگتے ہیں، ان کہانیوں میں مناظر کی محض عکاسی نہیں خود زندگی کی ہر لمحہ بدلتی ہوئی کیفیتیں اپنے صحیح خد و خال میں دیکھی جا سکتی ہیں۔ کچھ طویل کہانیاں جدید زندگی سے متعلق ہیں۔ "تری دلبری کا بھرم" امتزاج کی چاشنی لئے ہوئے انگلستان میں پاکستانی اور ہندوستانیوں کی زندگی پیش کرتی ہے۔ "مثلث" امریکہ کے پس منظر میں لکھی گئی ہے۔ یہ طویل افسانے کہیں آئیڈیل پسند زندگی کی ذہنی دلکشیوں سے متعلق ہیں تو کہیں دست تہہ سنگ کے کرب کو نمایاں کرتے ہیں کہیں تاریخ کے اوراق سے کوئی صفحہ رواں اور متحرک ہو جاتا ہے تو کہیں ہماری اور آپ کی موجودہ زندگی کے زیر و بم نمایاں ہونے لگتے ہیں۔ عزیز احمد کا تخلیقی فن بیان کے زور سے، حقیقت کی چاشنی سے اظہار کی دلکشی میں اس طرح ڈھلا ہے کہ قاری پر زندگی پوری سچائی سے اپنے اندرون کو ظاہر کرنے لگتی ہے۔

دنیا میں اچھے فنکار بہت ہوتے ہیں۔ فن کاری دراصل دستکاری CRAFTSMANSHIP کے مترادف ہے جو شوق، تجربہ، ذہانت اور صلاحیت سے پیدا کی جا سکتی ہے لیکن اچھے فنکار میں عظمت خون جگر کے صرف کرنے سے آتی ہے اور عظمت کا راز اور باتوں کے علاوہ بہت کچھ اس بات پر بھی مبنی ہوتا ہے کہ فن میں البصیرت پیدا کرنے کا کتنا سامان موجود ہے۔ اگر آپ کسی تصویر، عمارت یا شعر سے محض حسن کا تاثر لیتے ہیں تو یہ کافی نہیں۔ حسن کے تاثر کے علاوہ اچھا فن آپ کو سوچنے پر بھی مجبور کرتا ہے۔ وہ آپ کی اندرونی صلاحیتوں، تخلیقی مادوں اور انسانی جذبوں کی تطہیر کر کے ان گہرائیوں میں لے جاتا ہے جہاں خود زندگی کے راز پوشیدہ ہوتے ہیں۔ عزیز احمد کے طویل افسانے پڑھ کر کچھ اس قسم کا احساس ہوتا ہے۔ زندگی کی جس بھی جزوی کیفیت یا گوشہ سے متعلق انہوں نے لکھا ہے وہ اس طرح واضح ہو کر آپ کے سامنے آتا ہے جیسے آپ نے حقیقت کی روح کو سمجھ لیا ہے۔ بڑی چیزیں جو دراصل معمولی ہوتی ہیں چھوٹی ہو جاتی ہیں۔ اور بظاہر معمولی معمولی باتیں جو دراصل زندگی کے لئے اہم ہوتی ہیں ان کی صحیح ماہیت پوری آب و تاب سے نظر آنے لگتی ہے۔

افسوس کہ عزیز احمد نے طویل افسانے لکھنا بند کر دیا۔ جانے زندگی کے کتنے گوشے تاریکی میں رہ گئے۔

تخلیقی ادب سے ہٹ کر بھی عزیز احمد نے نظریاتی اور علمی، فکری اور تنقیدی انداز کے مضامین لکھے ہیں۔ ان کی دو کتابیں اس سلسلہ میں ضرور پڑھنی چاہئیں۔ ایک کتاب کی حیثیت تو تاریخی ہے اس لئے کہ وہ ترقی پسند ادب پر پہلا تنقیدی جائزہ ہے۔

۱۹۳۰ء سے لے کر آزادی تک کا دور ہندوستان میں جس انداز میں گذرا اگر اس کا صحیح جائزہ فن تاریخ کی طرح کسی جگہ تفصیل سے دیکھا جا سکتا ہے تو وہ اردو ادب ہی ہے۔ ہمارا ترقی پسند ادب ایک ایسی تاریخی دستاویز ہے جس میں جنگ آزادی کے پس منظر میں جو کچھ ہوا اس کی ساری تفصیل موجود ہے۔ سیاسی جد و جہد، معیشت اور معاشرت کی اذیت ناک حالت، مذہبی فرقوں کا آپسی جدل اور نفرت، معاشی فرقوں کی کشاکش، غرضکہ اس قسم کے مسائل نے ترقی پسند نظریوں کو جنم دیا جس کی مدد سے ہمارے دانشوروں نے کبھی جذباتی انداز میں اور کبھی نہایت حقیقت انگیزی کے ساتھ زندگی کا بے لاگ تجزیہ کیا۔ اس میں کچھ شک نہیں کہ جہاں افراط و تفریط کے بھی شکار ہوئے۔ لیکن مجموعی طور سے شعور ذات اور آگاہی کے جو دریچے ترقی پسند ادب نے کھولے ہیں اس نے پورے ملک کو جو ناخواندگی، فرسودگی اور رجعت پسندی کا شکار تھا، اچانک خواب سے چونکا دیا۔ کرشن چندر، عصمت، بیدی، منٹو نے بڑی سچائی اور بیباکی سے لکھا۔ فیض، ساحر، مجروح، مخدوم، مجاز اور اسی قبیل کے دوسرے شعراء نے بڑی معرکۃ الآراء شاعری کی۔ وہ کچھ ایسا جذباتی دور تھا کہ علم و ادب کی گنگا ہر گھر سے بہتی ہوئی یوں بہہ رہی تھی جیسے فیضان عام کی سبیل لگی ہوئی ہے اس ذخار سمندر میں بعض ایسے بھی دھارے آ گئے تھے جو اپنے ساتھ تعصبات کی ریت اور مٹی لائے تھے اور بعض جگہ پانی بھی گدلا ہو گیا تھا۔ عزیز احمد کی کتاب سے ترقی پسند ادب کی ان تمام تحریکوں، مسائل اور ادبی رویوں کا بروقت تجزیہ ہوا۔ دیگر دانشوروں نے بعد میں بہت کچھ لکھا۔ ایک نامی ہنگامہ ہوا۔ بغاوتیں ہوئیں۔ بعض نئے لوگ اس صنف میں آئے اور بعض نکالے بھی گئے لیکن اولیت کا سہرا عزیز احمد ہی کے سر ہے۔

عزیز احمد ذاتی اعتبار سے ایک انسان دوست دل رکھتے ہیں اس لئے ظاہر ہے کہ ان کا ترقی پسند ادب سے متاثر ہونا فطری بات تھی اس کے علاوہ مخدوم، کرشن اور دیگر ترقی پسند بلکہ کمیونسٹ نقطۂ نظر رکھنے والے دوستوں نے انہیں بہت متاثر کیا تھا۔ پھر ہندوستان کا معاشرہ اپنے قدامت پسندی، جہالت، مفلسی اور ناداری کی وجہ سے جن جذباتی اور نفسیاتی اور مالی پریشانیوں کی الم انگیزیوں میں گرفتار تھا اس کا بھی یہی اثر ہوا تھا کہ وہ ایسے فلسفہ یا راہ حیات کے دستور سے متاثر ہوتے جو انسانیت کے لئے راہ نجات کی تلاش کرتا ہو۔ عزیز احمد کے تخلیقی ادب میں اس رنگ کی جا بجا جھلکیاں نظر آتی ہیں اور ان کی ہمدردی کس کے ساتھ ہے اس کے پوچھنے کی ضرورت

کریسنٹ انٹرنیشنل

أَلَا إِنَّ أَوْلِيَاءَ اللَّهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ

سن رکھو کہ جو اللہ کے دوست ہیں ان کو نہ کچھ خوف ہوگا اور نہ وہ غمناک ہوں گے

سقوطِ ڈھاکہ سے سبق اور عبرت؟

پاکستان کے اکثر سیاسی رہنماؤں نے بھارتی وزیر خارجہ اٹل بہاری باجپئی کی اس نئی دھمکی پر تو فوری اور شدید ردعمل ظاہر کیا تھا، جو انہوں نے چند روز پہلے اپنی پارلیمنٹ میں تقریر کرتے ہوئے دی تھی کہ کشمیری عوام کے حق خودارادیت کے مسئلے کو بار بار اٹھا کر پاکستان آگ سے کھیل رہا ہے، اور بھارت کے لیے یہ مشرارت اور فضول باتیں ناقابل برداشت ہے۔ ایسی دھمکی کے خلاف پاکستان کے سیاسی رہنماؤں کی طرف غم و غصہ کا اظہار ایک خوش بات ہے کیونکہ ہمارا تاریخی اور مبنی برحق موقف یہی ہے کہ کشمیر پاکستان کا حصہ بلکہ شہ رگ ہے، جس پر بھارت نے سازش اور جارحیت سے غاصبانہ قبضہ کر رکھا ہے لیکن ان سیاسی رہنماؤں نے بھارتی وزیر خارجہ کی اس دھمکی کے جس دوسرے (نسبتاً زیادہ خوفناک) پہلو کا کوئی نوٹس نہیں لیا، اس کا تعلق مشرقی پاکستان کے بنگلہ دیش بننے کے المیے سے ہے جس کا ذکر مسٹر باجپئی نے بڑے کھلے اور اشتعال انگیز انداز میں یہ جتانے کے لیے کیا تھا کہ بھارت باقیماندہ پاکستان کو بھی ایسے ہی المیے سے دوچار کر سکتا ہے اس لیے بہتر ہے کہ پاکستان اب کشمیر کو بھول جائے، اور بھارت کا ذیل بن کر ہی زندہ رہنے کو اپنا مقدر سمجھ لے۔

پاکستان کی تاریخ میں اس سب سے بڑے المیے — سقوط ڈھاکہ — کو آج (۱۶ دسمبر) سات سال ہو گئے ہیں۔ مسٹر باجپئی نے تو اس کا ذکر پاکستان کو مرعوب اور خوفزدہ کرنے کے لیے کیا تھا، لیکن ان کی دھمکی پر غم و غصہ ظاہر کرنے کے ساتھ اہلِ پاکستان خاص طور پر محب پاکستان ہونے کے دعویدار سیاسی رہنماؤں کو حقیقت پسندانہ اور بے لاگ جائزہ بھی لینا چاہیے کہ سقوط مشرقی پاکستان سے ہم نے کوئی سبق بھی سیکھا ہے یا نہیں؟ جن اسباب و عوامل اور حالات نے پاکستان کو اس المیے سے دوچار کیا تھا، کیا ہم ان کا اعادہ روکنے کی بھی کوئی مخلصانہ اور ایماندارانہ کوشش کر رہے ہیں یا نہیں؟ اور بھارتی وزیر خارجہ نے ہمیں ایسے مزید المیوں سے دوچار کرنے کی جو کھلی دھمکی دی ہے، کیا ہم اس کا مقابلہ کرنے بلکہ ایک متحد و خوددار قوم کی طرح اس کا دندان شکن جواب دینے کی تیاری بھی کر رہے ہیں یا نہیں؟

سقوط ڈھاکہ کے سانحے تک نوبت پہنچانے والے حالات کوئی سربستہ راز نہیں۔ ہماری قوم کے بڑے حصے نے ایوب خان مرحوم کی آمریت کے خلاف اور جمہوریت کی بحالی کے لیے بڑی طویل اور سخت جدوجہد کی تھی۔ لیکن اس میں شانہ بہ شانہ حصہ لینے والے بعض سیاسی رہنماؤں نے کامیابی کو سامنے دیکھ کر جب باہمی عہد و پیمان اور قوم سے وعدوں کی پاسداری کا راستہ ترک کر دیا۔ تو یحییٰ خان کو مارشل لاء لگانے کا موقع مل گیا۔ اس نے قوم کے نمائندوں کو اقتدار منتقل کرنے کے لیے آزادانہ انتخابات کرانے کا اعلان کیا۔ لیکن قوم و ملک کو اس بدقسمتی سے دوچار ہونا پڑا۔ کہ جب مشرقی پاکستان میں شیخ مجیب الرحمٰن اپنے چھ نکات کے پرست میں علیحدگی کی تحریک چلا رہا تھا، اور مسٹر بھٹو نے مغربی پاکستان میں "روٹی، کپڑا اور مکان" کا نعرہ لگا کر طبقاتی آویزش کی آگ بھڑکانے کی راہ اختیار کر لی تھی، تو جمہوریت و اسلام اور نظریہ پاکستان کی حامی اور علمبردار سیاسی جماعتوں نے آپس میں یکجہتی و اتحاد کا اہتمام کر کے عوامی لیگ اور پیپلز پارٹی کا مقابلہ کرنے کے بجائے ایک دوسری کے خلاف صف آرا ہونے کا راستہ اختیار کر لیا۔ انتخابات میں اس نفاق و افتراق کا یہ نتیجہ نکلا کہ انہیں مجموعی حیثیت سے اگرچہ ۴۳-۴۲ فیصد ووٹ ملے، لیکن بھرپور انتخابی کامیابی آگے چل کر "اُدھر تم اِدھر ہم" کا نعرہ لگانے والے جھولی کے حصے میں آ گئی۔ مگر سقوط ڈھاکہ کے ایسے سانحہ تک نوبت پہنچانے والے اسباب و عوامل کا یہی بنیادی پہلو ایک بار پھر باقیماندہ ملک میں جمہوریت و اسلام اور نظریہ پاکستان کے علمبرداروں کی نظروں سے اوجھل ہوتا نظر آتا ہے۔ اور یہ خدشہ بے جا معلوم نہیں ہوتا کہ ان جماعتوں نے سات سال تین سقوط ڈھاکہ کے سانحے سے سبق و عبرت حاصل کرنے میں مزید غفلت اور کوتاہ اندیشی سے کام لیا اور اس طرح ان عناصر کو بالواسطہ تقویت پہنچائی، جو یہاں بھی مرکز گریز تعصبات یا طبقاتی اور ایسے رجحانات کو ہوا دے رہے ہیں، تو اکتوبر ۷۹ء تک ہونے والے عام انتخابات میں بھی اسلام و جمہوریت اور نظریہ پاکستان کی حامی جماعتوں کو دسمبر ۷۰ء کے انتخابات کے ہی دہشت اثر حشر سے دوچار ہونا پڑے گا یعنی مجموعی طور پر ووٹ انہیں زیادہ ملیں گے، لیکن انتخابی کامیابی ان کے حصے میں نہیں آئے گی۔

اس خدشے کی بنیاد ان تین جماعتوں نے رکھ دی تھی جنہوں نے بھٹو شاہی کے خلاف اور نظام مصطفےٰ کے قیام کی جدوجہد میں شانہ بشانہ حصہ لینے کے بعد باری باری قومی اتحاد سے علیحدگی اختیار کر لی تھی۔ اور اب اس خدشے کو مزید تقویت اس مسلم لیگ کے "ممتاز" لیڈر پہنچا رہے ہیں، جو پاکستان قائم کرنے کو اپنا منفرد کارنامہ اور شرف بھی قرار دیتے ہیں اور بابائے قوم کے بتاکید ارشاد "اتحاد، ایمان اور نظم و ضبط" کے تقاضے نظرانداز اور پامال کرنے پر بھی کوئی شرم محسوس نہیں کرتے۔ ملک کے اندر حالات اور باہر سے خطرات کے پیش نظر ہونا تو یہ چاہیے تھا کہ وہ اپنی مضبوط و متحد تنظیم سے باقی ماندہ قومی اتحاد کی یکجہتی اور کمضبوطی کے لیے سب سے زیادہ سرگرم ہوتے، لیکن صوبائی وزارتوں کے قیام اور انتخابات سے قبل جماعت پر قبضہ و تسلط جمانے اور عہدوں کی لڑائی میں انہوں نے اس قومی اتحاد کے مستقبل کو بھی سوالیہ نشان بنا کر رکھ دیا ہے، جس کی طرف لوگوں کی امید بھری نظریں اٹھ رہی ہیں۔

یہ بحث بے معنی ہے کہ مسلم لیگ میں اس کھلے انتشار تک نوبت پہنچانے میں اس کے نامور لیڈروں کا کون سا دھڑا نسبتاً زیادہ قصوروار ہے، کیونکہ عملی اعتبار سے دونوں دھڑے خود کو قومی اتحاد کو کمزور اور ملک و قوم کو نقصان اور خطرے سے دوچار کر رہے ہیں۔ سیاسی رہنماؤں کی حیثیت سے ان کا کردار یہ ہونا چاہیے تھا کہ وہ عہدوں کے پیچھے بھاگنے کے بجائے اس نازک مرحلے میں ان سے بے نیاز ہو کر قوم و ملک کی خاطر معمولی کارکنوں (گمنام سپاہیوں) کی طرح جہد و ایثار کا راستہ اختیار کرتے، لیکن اپنے عمل سے وہ یہ نقشہ پیش کر رہے ہیں کہ اُن کی زبانوں پر تو مطالبہ یہ ہے کہ جلد انتخابات کرا کے اقتدار عوام کے نمائندوں کے حوالے کیا جائے، لیکن وہ اپنے اس مطالبے کے ہی مخاطب فوجی جرنیلوں سے اپنے درمیان مصالحت و تصفیہ کرانے کی بھیک مانگ رہے ہیں۔ جب ملک و قوم کے سرفہرست خیرخواہ ہونے کے دعویداروں کا طرز عمل اور سرمایہ کردار یہ ہو، تو بھارتی وزیر خارجہ کو کھلی دھمکیاں دینے کا حوصلہ کیوں نہیں ہوگا؟

(روزنامہ نوائے وقت لاہور)

اک شمع رہ گئی تھی سو وہ بھی خموش ہے!

انسانی زندگی کا راستہ ۸۰، ۹۰ برس سے زیادہ طویل نہیں لیکن اسی راستے پر ازل آدم تا ابدم اتنی آمد و رفت، اتنی چہل پہل اور اتنی بھیڑ بھاڑ ہوتی ہے کہ پتہ ہی نہیں چلتا کہ کون کب دشت عدم سے شاہراہ حیات پر آیا اور کون کب اس راستے سے آسمانوں کی طرف بھٹک گیا۔

ہر ڈھلتے سورج کے ساتھ سینکڑوں مسافر شاہراہ حیات پر نمودار ہوتے ہیں اور کتنے ہی پرانے مسافر غروب آفتاب کے ساتھ ہمیشہ کے لیے نظروں سے اوجھل ہو جاتے ہیں۔

پروفیسر عزیز احمد اسی شاہراہ کے وہ مسافر تھے جو نظروں سے تو اوجھل ہو جاتے ہیں لیکن کتابوں، درسگاہوں اور دلوں میں ان کا نام اور ان کی یاد ہمیشہ باقی رہتی ہے!

اُستاد، ادیب، شاعر، افسانہ نویس، ناول نگار، تاریخ دان، عالم، علم دوست، مشفق، مہربان اور نہایت حلیم الطبع انسان — عزیز احمد برصغیر ہندوپاکستان سے لے کر شمالی امریکہ تک اسلامی تاریخ کے نامور اسکالر کی حیثیت سے مشہور تھے۔

پروفیسر عزیز احمد نے انگریزی میں تہذیب انسان کی تاریخ پر نہایت مستند کتابیں لکھیں چنانچہ وہ خود بھی تہذیب، شائستگی اور شفقت کی ایک نہایت دلآویز تصویر تھے۔

پچھلے دنوں ہم سے ایک ایسا انسان بچھڑ گیا جس کے سینے میں علم کا سمندر پنہاں تھا اور جس کا ظرف اختلاف کی صورت میں بھی سمندر کی مانند مائل بہ سکوت رہتا۔
یہی عالم کی پہچان ہے!

مرحوم ان بزرگوں میں سے تھے جو اپنے چھوٹوں سے بھی بہ کمال مہربانی ملتے جبکہ وہ آج کل عموماً اپنے بڑوں سے بھی اس طرح نہیں ملا کرتے!!

کوئی تین سال قبل جب مرحوم کا پہلا آپریشن ہوا تھا اس کے بعد موت تو گیا، زندگی خود چراغ سحری کا پیغام تھی۔ لیکن اس دوران بھی زیر تصنیف کتاب پر پورے انہاک سے کام ہوتا رہا۔

راقم الحروف کے استفسار پر کہ کتاب کب تک مکمل ہو جائے گی؟ مسکراتے ہوئے کہا "اگر زندگی نے وفا نہ کی تو باقی کتاب میرے ساتھی پروفیسر مکمل کریں گے"۔

بین الاقوامی شہرت کا یہ مورخ اپنے پسندیدہ موضوع "اسلامی تاریخ" پر بات چیت کرتا ہوا تو یوں محسوس ہوتا تھا جیسے تاریخ کا لوں کے ذریعہ چشم تصور میں متحرک و رواں دواں ہو۔ یہی ساعتیں میرے نزدیک متاع عزیز ہیں!

موجودہ زمانے میں اور خصوصاً اس حلقے میں، علم کیا تو اگر کسی انسان میں اخلاص و مروت بھی موجود ہو، تم موجود ہو تو یہ تبرک میں قرار دیا ہے لیکن پچھلے دنوں یہ تبرک بھی ہم سے چھن گیا۔

ہفاشے صبح چمن اس کے بعد ویراں ہے
پکارتی ہے یہ کلیاں چلا گیا کوئی

محمد جاوید اکبر
(ٹورانٹو)

نور بصیرت
میاں عبدالرشید

بلندی

جتنی بلندی پر کوئی کھڑا ہو، اسی نسبت سے اُسے دُور کی چیز نزدیک نظر آتی ہے۔ حق تعالیٰ جل شانہٗ کی ذات اقدس کی بلندی کی کوئی انتہا نہیں، اس کے لیے دُور و نزدیک کا کوئی فرق نہیں۔ وہ قرآن پاک میں قیامت اور اس کے بعد کے آنے والے واقعات کو صیغہ ماضی میں بیان فرما جاتا ہے۔

حق تعالیٰ کے بعد بلند ترین شخصیت جناب رسالتمآبؐ کی ہے۔ آنجنابؐ کا ارشاد گرامی ہے کہ میں اور قیامت اس طرح ہیں، جیسے ہاتھ کی دو ساتھ کی انگلیاں۔ آنجنابؐ نے قیامت کے واقعات اس طرح بیان فرمائے، جیسے وہ آپؐ کی نظروں کے سامنے ہو رہے ہوں۔ ایک بار فرمایا: میں اس شخص کو دیکھ رہا ہوں، جو سب کے بعد جنت میں داخل ہو گا۔

اللہ تعالیٰ نے اپنے بعض بندوں کو بھی حضورؐ کے طفیل ایسے بلند مقامات عطا فرمائے کہ انہیں دُور کے واقعات قریب نظر آنے لگے۔ آج امریکہ، یورپ اور بھارت کے دانشوروں کو بھی اسلام کا نیا دور نظر آ رہا ہے لیکن علامہ اقبالؒ نے ۱۹۱۰ء اور ۱۹۱۵ء کے درمیان بانگ درا میں لکھا تھا:

کتاب ملت بیضا کی پھر شیرازہ بندی ہے
یہ شاخ ہاشمی کرنے کو ہے پھر برگ و بر پیدا

یہ شعر بھی اسی دور کا ہے۔

سبق پھر پڑھ صداقت کا، عدالت کا، شجاعت کا
لیا جائے گا تجھ سے کام دنیا کی امامت کا

آج سب لوگوں کو تہذیب مغرب کی تباہی نظر آ رہی ہے۔ لیکن علامہ اقبالؒ نے آج سے کم و بیش نصف صدی پہلے یہ فرمایا تھا کہ تمہاری تہذیب اپنے خنجر سے آپ ہی خودکشی کرے گی اسی دور میں یہ شعر لکھا۔

وہ تدبر کی فسوں کاری سے محکم ہو نہیں سکتا
جہاں میں جس تمدن کی بنا سرمایہ داری ہے

بال جبریل میں لکھا۔

وہ دیا سکتا ہے اس کو زندگی کی تیز رفتاری
بہت پیچھے شمروں رہ جاتی یورپ والوں

ایک اور شعر میں فرمایا۔

ڈھونڈ لیا ہے فرنگ عیش جہاں کا دوام
وائے تمنائے خام! وائے تمنائے خام

روزنامہ امت

اے خیرِ اُمم وارثِ آیاتِ حمیت!
کچھ یاد ہے کیا ٹوٹی تھی اس روز قیامت
آدھا وطن پاک گیا ہاتھ سے اپنے
اے قوم! پھر آیا ہے وہی روزِ ندامت

فرمودہ اقبالؒ

فطرت کے مقاصد کی کرتا ہے نگہبانی
یا بندۂ صحرائی یا مردِ کہستانی!
دُنیا میں محاسب ہے تہذیبِ فسوں گر کا
ہے اس کی فقیری میں سرمایۂ سلطانی!

(ضربِ کلیم)

ساٹھ سال کی عمر میں ریٹائر کر دینے کے فیصلے پر سختی سے عمل کرایا جائے گا

خود مختار ادارے اور کارپوریشنیں بھی اس سے مستثنیٰ نہ ہوں گی

تعلیمی اداروں اور ہسپتالوں کے لیے تعطیلات پر شیخوں کی رعایت بڑھا دی گئی: صدارتی کابینہ کے فیصلے

راولپنڈی ۔ (پ پ ا) حکومت نے سرکاری ملازمین کی طرح تمام خود مختار اداروں ... اور سیمی کارپوریشنوں میں

چودھری ظہور الٰہی کی وجہ سے مصالحت نہیں ہو رہی : عبد الغفور ہزاروی

راولپنڈی ۔ ۔ ۔ (پ پ ا) پاکستان مسلم لیگ

تحریک استقلال انتخابات میں نوجوان امیدوار کھڑے کرے گی

لکھنؤ میں ۲۴ گھنٹے کی نرمی کے بعد پھر کرفیو لگا دیا گیا

لکھنؤ ۔ ۔ (ریڈیو رپورٹ) آج یہاں پھر ۲۴ گھنٹے

اسلام صنعتوں کو مکمل طور پر قومی تحویل میں لینے کی اجازت نہیں دیتا: خورشید

اسلامی معاشی نظام میں نجی املاک کو مکمل تحفظ دیا گیا ہے

نجی شعبے کو صنعتوں کی واپسی کا فیصلہ عجلت میں نہیں کیا جا سکتا

سیاحت کے فروغ کی خاطر شراب سازی کی اجازت نہیں دی جا سکتی

اندرا گاندھی سے ملاقات نہیں کی : مرتضیٰ بھٹو

کراچی ۔ (پ پ ا) سابق وزیر اعظم کے صاحبزادے

جسٹس ظہور الحق نماز ظہر کی امامت کرتے ہیں

پاکستان کو اقتصادی ترقی کے لیے مخصوص ٹیکنالوجی کی ضرورت ہے

نئی پالیسی کا بنیادی نکتہ خود پر انحصار کرنا ہو گا : ارشد چودھری

شہنشاہ کے مخالفین کو ہتھیار فلسطینی تنظیم نے مہیا کیے ہیں

دو سو قوانین کو قرآن و سنت کے مطابق ڈھالنے کے لیے سفارشات مرتب کی گئیں

بھٹو نے جمعہ کی چھٹی کا اعلان کر کے سیاسی فائدہ اٹھانے کی کوشش کی: جسٹس حمود الرحمٰن

قومی اتحاد کے وزراء حکومت کے معاون بننے کی بجائے اپنی جماعتوں کا امیج اچھا کرتے رہیں: اصغر خان

افغان علماء پناہ لینے کے لیے پاکستان پہنچ رہے ہیں

"ٹالن ہولڈ"

پاکستانی حضرات کی توجہ کے لیے

Going to Pakistan?
Book your Orders
Under PERSONAL BAGGAGE or GIFT SCHEME
for world famous and popular

FIAT Agricultural TRACTORS.
We can also offer other profitable
items under above Scheme.

For Further Details and Latest Information
Please Contact:

AROMA IMPEX.

Importers, Exporters & Indenting Agents.
1165A Bloor St. West, TORONTO (Canada) M6H 1M9

PHONES: Off.: (416) 532-4421
Evngs.: (416) 745-4864

Cables: GULBARG Toronto.

INTRODUCE CRESCENT
TO A FRIEND

TEL. 923-2777

Lunch Special at

KOH-I-NOOR

CURRY CENTRE
PAKISTANI & INDIAN FOODS

KHALID BUKHARI

93 DAVENPORT ROAD
AT BAY
TORONTO, ONT.

راولپنڈی اور اسلام آباد میں دوسرے روز بھی طلباء نے بھارت کے خلاف مظاہرے کیے

[illegible]

راولپنڈی ——— (نمائندہ خصوصی) راولپنڈی اور اسلام آباد کے مختلف تعلیمی اداروں کے طلباء نے آج دوسرے روز بھی بھارتی وزیر خارجہ مسٹر اٹل بہاری واجپئی کے کشمیر بیان کے خلاف احتجاجی مظاہرے کئے اور بھارت پر زور دیا کہ بھارتی وزیر خارجہ کے اس قسم کے بیان سے کشمیری عوام کے جذبہ حریت اور عزائم میں کوئی کمی نہیں آ سکتی۔ راولپنڈی میڈیکل کالج میں سٹوڈنٹس یونین کا ایک ہنگامی اجلاس ہوا جس میں وزیر خارجہ بھارت کے بیان کی شدید مذمت کی گئی۔ سرسید کالج، فیڈرل گورنمنٹ کالج نمبر ۲ اسلام آباد اور گارڈن کالج کے طالب علم راہنماؤں نے بھارتی وزیر اعظم کے بیان کی شدید مذمت کی اور کہا کہ کشمیری عوام کو ان کے حقوق سے محروم نہیں رکھا جا سکتا۔

دوسری طرف راولپنڈی اسلام آباد کے مختلف ... بارہ طالب علم راہنماؤں کے خلاف مارشل لاء کے ضابطہ پانچ کے تحت مقدمات درج کر لئے گئے ہیں۔ یہ مقدمات بھارتی وزیر خارجہ اٹل بہاری واجپئی کے حالیہ بیان کے خلاف کل جلوس نکالنے اور مارشل لاء کے احکامات کی خلاف ورزی پر درج کئے گئے ہیں۔ سول لائنز پولیس نے سرسید کالج کے طالب علم راہنماؤں کے خلاف جن میں یونین کے عہدیدار بھی شامل ہیں مقدمات درج کئے ہیں جبکہ تھانہ کوہسار نے اسلام آباد کے کالجوں کے طالب علم راہنماؤں اور پولی ٹیکنیک کالج اصغر مال کے طالب علم راہنماؤں کے خلاف مقدمات درج کئے ہیں۔ بتایا گیا ہے کہ پولیس نے ابھی تک ان طلباء کو گرفتار کرنے کا اقدام نہیں کیا اور یہ طلباء روپوش ہو گئے ہیں۔

سپر گرینڈ میچ اور پاکستان نیوزی لینڈ کے درمیان ٹیسٹ میچوں کی تاریخوں کا ٹکراؤ

ملتان ——— (نمائندہ) ورلڈ سیریز کرکٹ گذشتہ دنوں میں ہونے والے سپر گرینڈ میچ جس میں کامیاب جیتنے والی ٹیم کو ۵۰ ہزار ڈالر ملیں گے۔ اور پاکستان اور نیوزی لینڈ کے ٹیسٹ میچ کی تاریخوں کے تصادم سے پیدا ہونے والی صورت حال پر وضاحت کرنے کے لئے کہا اس سپر گرینڈ میچ میں پاکستان کے ممتاز کھلاڑی بھی سابقہ معاہدے کے تحت کھیلیں گے۔ لیکن انہی کھلاڑیوں کو نیوزی لینڈ کا مجوزہ دورہ کرنے والی ٹیم میں شامل کیا گیا ہے۔ اس طرح پریشان کن صورت حال پیدا ہو گئی ہے۔ ورلڈ سیریز کرکٹ کے ایک ترجمان نے کہا کہ مذکورہ پاکستانی کھلاڑیوں کے ساتھ ہمارا معاہدہ پہلے سے موجود ہے ہم خوش ہیں کہ ان پاکستانی کھلاڑیوں کو اس ٹیم میں بھی شامل کیا گیا ہے جو پاکستان کی طرف سے نیوزی لینڈ اور آسٹریلیا کا دورہ کرے گی۔ اب چونکہ نئی صورت حال پیدا ہو گئی ہے۔ پاکستان نیوزی لینڈ کے درمیان فروری کے پہلے ہفتے میں ٹیسٹ میچ ہو رہا ہے۔ اسی دوران مذکورہ سپر گرینڈ میچ ہے۔ اس تصادم کو دور کرنے کے لئے مناسب یہی ہے کہ باہمی بات چیت کر لی جائے۔

تحریک استقلال سے استعفیٰ دے دیا

راولپنڈی ——— (اے پی پی) مسٹر مقصود علی چوہدری نے تحریک استقلال سے استعفیٰ دے دیا ہے انہوں نے ... کہا کہ پارٹی میں کوئی جمہوریت نہیں ہے اور انہوں نے پارٹی عہدے سے ... کی بنا پر استعفیٰ دیا ہے۔ مسٹر مقصود علی تحریک کی مرکزی تنظیمی کمیٹی کے رکن تھے۔

حضرت! پورے معاشرے کی بجائے صرف پولیس کی "اصلاح" کروا دیں...!

انکم ٹیکس سپیشلسٹ

BUS. (416) 636-2512 NIGHTS 292-3228

افضل حسین

Afzal Hussain B.Comm., M.Comm.
Accountant

Afzal Bookkeeping Co.
SUITE 220
4140 BATHURST STREET
DOWNSVIEW, ONTARIO
M3H 3P3

INCOME TAX
BOOKKEEPING

راولپنڈی اور اسلام آباد کے طلبا مسئلہ کشمیر کے بارے میں بھارتی وزیر خارجہ واجپئی کے حالیہ بیان پر زبردست احتجاجی مظاہرہ کر رہے ہیں۔

پشاور یونیورسٹی میں طلباء کے دو گروہوں میں تصادم، ایک درجن سے زیادہ طلباء زخمی

[illegible]

پشاور ——— (اے پی پی) آج صبح پشاور یونیورسٹی کے طلباء کے دو مخالف گروپوں میں تصادم کے نتیجے میں ایک درجن سے زیادہ طلباء کو معمولی زخم آئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق زخمی فدایان رسول کے نام سے بنائی گئی طلباء کی نئی تنظیم نے جو اسلامی جمعیت طلباء، جمعیت طلباء اسلام، مفتی گروپ اور ... جماعت پر مشتمل ہے ۲۹ دسمبر کو یونیورسٹی گیسٹ ہاؤس میں ... ڈرامے کو روکنے کے خلاف آج احتجاجی مظاہرہ کیا۔ مظاہرین نے وائس چانسلر کے خلاف نعرے لگائے اور ان پر بعض اساتذہ کی سرپرستی میں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر بنائی گئی فلم دکھانے کا الزام لگایا۔ جب مظاہرین ایڈمنسٹریشن بلاک کی طرف بڑھ رہے تھے تو پختون سٹوڈنٹس فیڈریشن اور پیپلز سٹوڈنٹس فیڈریشن کے طلباء بھی نکل کر آ گئے جس سے دونوں مخالف گروپوں میں ... شروع ہو گئی۔ ... بعض طلباء ایک دوسرے پر پتھراؤ بھی کرتے رہے۔ جن طلباء کو زخم آئے ان میں رفیق احمد اور عارف جمیل (... کالج) نادر شیر (اسلامیہ کالج پشاور) اور نوشیروان (... کالج) اور ... پختون سٹوڈنٹس فیڈریشن شامل ہیں۔ زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد کے بعد فارغ کر دیا گیا صرف ظہیر کو ہسپتال میں داخل کیا گیا ہے۔ اسلامی جمعیت طلباء نے تصادم کی ذمہ داری وائس چانسلر پر عائد کی ہے اور کہا ہے کہ وائس چانسلر نے طلباء کا جوابی جلوس نکالنے کا انتظام کر رکھا تھا۔ انجمن فدایان رسول نے کہا ہے کہ وائس چانسلر کو یونیورسٹی سے نکالے جانے تک احتجاج جاری رہے گا۔

دریں اثناء پیپلز سٹوڈنٹس فیڈریشن اور پختون سٹوڈنٹس فیڈریشن نے اسلامی جمعیت طلباء پر یونیورسٹی کے پرامن ماحول کو خراب کرنے کا الزام لگایا ہے۔

مضبوط پاکستان بھارتی مسلمانوں کی تقویت کا باعث ہو گا

... بھارتی مسلمانوں کا پاکستانی بھائیوں کے نام پیغام

راولپنڈی ۶ ——— (نمائندہ خصوصی) بھارتی مسلمانوں نے اپنے پاکستانی بھائیوں کو پیغام بھیجا ہے کہ اسلامی نظریہ پاکستان کو مضبوط اور خوشحال دیکھنا چاہتے ہیں۔ اس لئے پاکستان کو قائم رکھنے اور اس کے استحکام کی خاطر کوئی کسر اٹھا نہ رکھیں۔ انہوں نے یہ پیغام حال ہی میں بھارت سے ہو کر آنے والے بعض پاکستانی زائرین کے ذریعے بھیجا ہے۔ پاکستانی زائرین نے مختلف علاقوں کے بھارتی مسلمانوں سے ملاقات کی اور حالات دریافت کئے۔ بھارتی مسلمانوں نے کہا کہ بھارت میں فرقہ وارانہ کشیدگی کے باوجود ان کے حوصلے بلند ہیں اور وہ ہندوؤں کے مظالم کا جوانمردی سے مقابلہ کر رہے ہیں۔ مسلمانوں کے حوصلوں کو اس وقت اور تقویت ملے گی جب پاکستان چٹان کی طرح ابھرے گا۔ انہوں نے پاکستان میں اسلامی نظام کی آمد پر اظہار مسرت کیا۔

پنجاب پیپلز پارٹی نے بے نظیر کو پارٹی کی قائم مقام چیئرمین مقرر کرنے کا مطالبہ کر دیا

[illegible] مجلس عاملہ کے اجلاس میں ملک کی سیاسی و اقتصادی صورت حال [illegible]

لاہور ——— (اپنے سٹاف رپورٹر سے) پیپلز پارٹی پنجاب نے سابق وزیر اعظم مسٹر بھٹو کی صاحبزادی مس بے نظیر بھٹو پر مکمل اعتماد کا اظہار کیا ہے۔ پارٹی کی مجلس عاملہ نے ایک اجلاس میں مرکزی مجلس عاملہ سے سفارش کی ہے کہ وہ بیگم بھٹو کی صحت کی خرابی کی صورت میں مس بے نظیر بھٹو کو پارٹی کا قائم مقام چیئرمین مقرر کرے۔ اجلاس میں مس بے نظیر کی رہائی کا بھی مطالبہ کیا گیا ہے۔ پنجاب پیپلز پارٹی کی مجلس عاملہ کا اجلاس قائم مقام صدر ... کی صدارت میں منعقد ہوا۔ پارٹی کے قائم مقام سیکرٹری جنرل ملک حامد سرفراز نے بھی اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس میں ملک کی سیاسی صورت حال پر غور کیا گیا اور مطالبہ کیا گیا کہ ملک میں ۲۰ مارچ کو عام انتخابات کرائے جائیں اور حکومت منتخب نمائندوں کو منتقل کی جائے۔ اجلاس میں ایرانی عوام کی جدوجہد کو بے مثال قرار دیا گیا اور انہیں خراج تحسین پیش کرتے ہوئے شہنشاہ ایران پر زور دیا گیا ہے کہ وہ ایرانی عوام اور اسلامی قیادت سے گفت و شنید کر کے کوئی ایسا دستوری راستہ اختیار کریں جو ایران کے عوام کو قابل قبول ہو۔ قرارداد میں ایرانی حکومت سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ وہ عوام پر تشدد کا سلسلہ فوری طور پر بند کرے۔

جدہ میں شرابی قاتل کا سر قلم کر دیا گیا

جدہ ——— گذشتہ جمعہ ریاض میں سرعام ... افراد کے سامنے ایک شخص عبدالقادر الشلدی کا سر قلم کر دیا گیا۔ اس پر الزام تھا کہ اس نے نشے کی حالت میں ایک شخص یوسف یحییٰ کو چاقو مار کر قتل کر دیا تھا۔ مجرم نے اقبال جرم کر لیا تھا اور یہ سزا اسے اسلامی قانون کے تحت دی گئی۔

سائیکل درآمد کرنے پر غور کیا جا رہا ہے

سیالکوٹ ——— (اے پی پی) اسلامی امور کے وفاقی وزیر پروفیسر غفور احمد نے کہا ہے کہ حکومت سائیکلوں کی ضرورت پوری کرنے کے لیے دوسرے ممالک سے بائیسکل درآمد کرنے کی تجویز پر غور کر رہی ہے۔ سیالکوٹ ڈویژن ... کے اجلاس سے یہاں جناح ہال میں خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے مزید کہا کہ پاکستان میں سائیکل سازی کی پیداوار ناکافی ہے جو ملکی ضروریات پوری نہیں کرتی۔ اس لیے وفاقی وزارت صنعت نے باہر سے سائیکل درآمد کرنے کے لیے حکومت کو ایک تجویز پیش کی ہے۔

Special Bonus Draw!

Over 27,000 extra prizes worth more than $1½ million...

A great way to start the New Year.

اس مخصوص قرعہ کے لیے آپ کا ریگولر وینٹاریو ٹکٹ آپ کو ایک لاکھ ڈالر کے پورے پانچ ریگولر انعامات کا اہل بناتا ہے۔

PLUS

۵۰ ہزار، ۲۰ ہزار اور ۱۰ ہزار ڈالر کے مخصوص انعامات
۵ ہزار ڈالر کے ۱۰۱ خاص انعامات
۲ ہزار ڈالر کے ۱۰۱ خاص انعامات
۱ ہزار ڈالر کے ۱۰۱ خاص انعامات
اور ہزاروں دوسرے مخصوص انعامات ... جن کی تعداد ۲۷ ہزار سے زیادہ ہے اور رقم ۵ ملین ڈالر سے زیادہ ہے

Your regular Wintario ticket number gives you thousands of chances to win in this First Special Draw of 1979. It's good for all regular tax-free prizes PLUS THREE SPECIAL BONUS DRAWS featuring one draw for $50,000, one for $20,000 and one for $10,000.

There will be over 27,000 $25 prizes for the last three digits in the three Special draws. Prizes shown are based on issuance of 102 series of tickets. The claiming period on all prizes is one year. Live on Global from Uxbridge! Tune in at 9 p.m.

we all win

wintario

January 4, 1979

Get your ticket now!

روئی کی برآمدی کارپوریشن کو دو سال کے دوران ۴۴ کروڑ ۴۲ لاکھ روپے کا نقصان ہوا

۷۸-۷۷ کے دوران جننگ فیکٹریوں کے ذمہ ۸ کروڑ ۴۰ لاکھ روپے کا قرضہ واجب الادا تھا

کراچی۔ ۔۔ [illegible]

انوکی اور زبیر میں مقابلہ ۹ فروری کو لاہور میں ہو گا

کراچی۔ ۔۔ (اے پی پی) مشہور جاپانی پہلوان انوکی اور پاکستانی پہلوان زبیر میں مقابلہ کے سلسلے میں تمام انتظامات مکمل کر لئے گئے ہیں۔ پہلوانوں کے منیجر سلیم صادق نے ایک پریس کانفرنس میں بتایا کہ دونوں پہلوانوں کے درمیان کشتی کا یہ مقابلہ ۹ فروری ۱۹۷۹ء کو قذافی اسٹیڈیم لاہور میں منعقد ہو گا چنانچہ حکومت پاکستان سے اس سلسلے میں اجازت حاصل کر لی گئی ہے۔ انہوں نے ایک سوال کے جواب میں بتایا کہ ہر پہلوان کو ۵ لاکھ روپے معاوضہ دیا جائے گا۔

شعبہ شماریات کے بیروزگار افراد کے مسائل حل کئے جائیں گے : پروفیسر خورشید احمد

لاہور ۔۔ [illegible]

خان حبیب اللہ خان انتقال کر گئے

پشاور ۔۔ (اے پی پی) خان حبیب اللہ خان سابق چیئرمین سینیٹ کا آج صبح ان کے آبائی گاؤں لکی مروت میں حرکت قلب بند ہو جانے سے انتقال ہو گیا۔ ان کی عمر ۸۰ برس کی تھی۔ مرحوم نے پسماندگان میں بیوہ، تین لڑکے اور تین لڑکیاں سوگوار چھوڑے ہیں۔ مرحوم خان حبیب اللہ خان کو ان کے آبائی قبرستان لکی مروت میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ مرحوم ہائیکورٹ کے جج کی حیثیت سے ریٹائر ہوئے اور ایوب خان کے دور حکومت میں پانچ سال تک وزیر داخلہ رہے اور گورنر مغربی پاکستان نواب امیر محمد خان آف کالاباغ کی کابینہ میں وزیر مال رہے۔ بھٹو دور حکومت میں مرحوم حبیب اللہ خان کو سینیٹ کا چیئرمین منتخب کیا گیا اور وہ چار سال تک اس عہدہ پر کام کرتے رہے۔

جلاوطنی میرے لیے ناقابل برداشت ہو گی

میں ایران کی سرزمین پر مرجانا پسند کرونگی

•• ملکہ فرح

لندن۔ ۔۔ (رائٹر/اے پی) ملکہ فرح پہلوی نے کہا ہے کہ وہ ملک بدر نہیں ہوں گی بلکہ ایران ہی میں مرنا پسند کریں گی۔ یہ بات انہوں نے ایک انٹرویو میں کہی ہے جو آج یہاں ڈیلی ایکسپریس میں شائع ہوا ہے۔ ملکہ نے مزید کہا ہے کہ وہ اپنے انجام کی پروا کئے بغیر اپنی قسمت کا ہر فیصلہ خندہ پیشانی سے قبول کریں گی لیکن وہ جلاوطنی کو کسی صورت بھی قبول نہیں کریں گی یہ بات ناقابل برداشت ہو گی [illegible]

میں نے اپنے موکل سے کہا تھا کہ ہائیکورٹ سے اسے انصاف نہیں ملے گا

سپریم کورٹ میں بھٹو کے وکیل یحییٰ بختیار کے دلائل

راولپنڈی ۔۔ [illegible]

جموں میں مظاہرین اور پولیس کے درمیان شدید جھڑپیں ہوئیں

مظاہرین نے جلوس کے دوران کئی دکانوں اور پٹرول پمپوں کو تباہ کر دیا

نیا کوٹ ۔۔ [illegible]

چینی صحافیوں کے وفد نے حضرت قائد اعظم کے مزار پر حاضری دی

ایران کی جیل میں ۳۰ ماہ

ایک یورپی سوداگر نے تشدد کے واقعات اپنی آنکھوں سے دیکھے

[illegible]

[illegible] اختیار سے ہمارا کوئی اختلاف نہیں : نصرت بھٹو

راولپنڈی ۔۔ نامہ نگار خصوصی پاکستان پیپلز پارٹی کی قائم مقام چیئرمین بیگم نصرت بھٹو [illegible]

کڑاھائی گوشت، تکے، کباب اور مٹھائیاں

شالیمار میں تشریف لائیں



SHALIMAR

Sweets & Snacks

Opposite To Naaz Theatre

1431 Gerrard East

Phone: 466–6811

گروسری، سبزیاں، مصالحہ جات

تازہ حلال گوشت

بازار سے مقابلتاً سستے داموں ہم سے طلب فرمائیں

Tel. 762-1633

ALFLAH GROCER

2774 Dundas St. West

Toronto, Ont.

پندرھویں صدی ہجری کے آغاز پر پاکستان میں بین الاقوامی اسلامی کانفرنس ہوگی

تقریبات و انتظامات کے بارے میں اسلامی سیکرٹریٹ کو آگاہ کردیا گیا

پاکستان نے بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی کے قیام کی تجویز منظور کرلی ہے۔ بروہی
چودہ سو سال کے دوران اسلام کی سیاسی، ثقافتی اور دیگر سرگرمیوں کے بارے میں اطلس شائع کی جائیگی

کراچی۔ ۲۰ جنوری (اے پی پی) وفاقی وزیر قانون مسٹر اے کے بروہی نے بتایا ہے کہ ۱۲ ربیع الاول ۱۴۰۱ھ کو پاکستان میں عالم اسلام کی بین الاقوامی کانفرنس ہوگی۔ جس میں اسلام کے مستقبل کے کردار اور عالم اسلام کو درپیش مسائل پر غور کیا جائے گا۔ آج جدہ سے واپسی کے بعد کراچی کے ہوائی اڈے پر اخبار نویسوں سے باتیں کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جدہ میں اسلامی کانفرنس کے سیکرٹریٹ کو ان انتظامات سے آگاہ کردیا گیا ہے۔ جو پاکستان پندرھویں صدی ہجری کے آغاز کی تقریبات منانے کے سلسلے میں کررہا ہے۔ مسٹر بروہی کے ہمراہ وزیر منصوبہ بندی پروفیسر خورشید احمد بھی جدہ میں منعقدہ بین الاقوامی کانفرنس میں شرکت کے بعد واپس آگئے ہیں۔ اس اجلاس میں پندرھویں صدی ہجری کے آغاز کی تقریبات کے انتظامات کا جائزہ لیا گیا۔ مسٹر بروہی نے کہا کہ ان تقریبات کے آغاز کے موقع پر ڈاک کے یادگاری ٹکٹ جاری کئے جائیں گے۔ اور خصوصی ایڈیشن شائع کئے جائیں گے۔ ان کاموں میں پوری قوم کو شریک کیا جائے گا۔ جن میں خاص طور پر طلبا، دانشور اور مزدور شامل ہوں گے۔ مسٹر بروہی نے بتایا کہ جدہ کانفرنس میں پاکستان کی یہ تجویز منظور کرلی گئی ہے کہ عالم اسلام کی ایک یونیورسٹی پاکستان میں قائم کی جائے

چنانچہ اس کورس میں تمام تفصیلات اسلامی ممالک کے وزرائے خارجہ کی اس کانفرنس میں طے کی جائیں گی جو مراکش کے دارالحکومت رباط میں منعقد ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ اسلامی کانفرنس نے ایک تاریخی اٹلس شائع کرنے کا فیصلہ بھی کیا جس میں پچھلے چودہ سو سال میں عالم اسلام کی سیاسی، ثقافتی اور دیگر سرگرمیوں کی نشاندہی کی جائے گی۔ وفاقی وزیر پروفیسر خورشید نے کہا کہ اقتصادی معاملات کے بارے میں اسلامی کانفرنس کا اجلاس آئندہ اگست میں پاکستان میں ہوگا۔ اے پی پی کے مطابق مسٹر بروہی نے کہا کہ پندرھویں صدی ہجری کے آغاز کی تقریبات منانے کے سلسلے میں پاکستان میں اسلام کے کارناموں اور کارگزاریوں پر ایک بین الاقوامی سیمینار ہوگا۔

مقبوضہ کشمیر میں بھارتی فوجوں کو چوکس کردیا گیا

پاکستانی فوجوں نے اسپورٹ سیکٹر میں بلا جواز فائرنگ کی: جگجیون رام کا الزام

نئی دہلی۔ (رائٹر) بھارتی وزیر دفاع جگ جیون رام نے آج پارلیمنٹ میں بتایا کہ مقبوضہ جموں و کشمیر میں متعین بھارتی فوجوں کو چوکس کردیا گیا ہے۔ انہوں نے الزام لگایا کہ پاکستانی فوجوں نے راجوری سیکٹر میں یکم اگست سے ۲۰ دسمبر تک پانچ مرتبہ فائرنگ کی، تاہم اس فائرنگ سے کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔

وقفہ سوالات کے دوران جگ جیون رام نے بتایا کہ بھارت سرحدوں کی مسلسل نگرانی کر رہا ہے اور بھارتی فوج کو حکم دے دیا گیا ہے کہ وہ ضرورت پیش آنے پر سخت کارروائی کریں۔

"پاکستان واپسی"

ان تمام حضرات سے جو آئندہ ۱۲ تا ۲۴ ماہ تک بیرونی سکونت مستقل طور پر پاکستان لوٹ رہے ہیں التماس کی جاتی ہے کہ مندرجہ ذیل صاحبان سے رابطہ قائم کریں تاکہ پاکستان ایمبیسی و متعلقہ وزارت سے نقل سکونت کسٹم، تدریسی داخلہ، مکان، زمین و دیگر معاملات میں مشترکہ طور پر مدد ملے سکے۔

سید احسن خان۔ 431 2432
افضل حسینی۔ 636 2512 / 292 9228
گل نائیک۔ 961 6224

ڈگری کورس میں انگریزی کو اختیاری مضمون قرار دے دیا جائے گا: وائس چانسلر

یونیورسٹی میں اس سال زیادہ امیدواروں کو داخلہ مل سکے گا

امتحانی مراکز کی تعداد کم کردی گئی، نگران عملے کا انتخاب احتیاط سے کیا جارہا ہے

ڈاکٹر خیرات ابن رسا

لاہور۔ (سٹاف رپورٹر) پنجاب یونیورسٹی کے وائس چانسلر ڈاکٹر خیرات محمد ابن رسا نے کہا ہے کہ پنجاب یونیورسٹی اس سال بی اے اور بی ایس سی کے کورس میں انگریزی کی بالادستی ختم کرنے کے لئے مختلف ضروری اقدامات کرے گی۔ آج شام یہاں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ بی اے کے نتائج کا اعلان کل ۱۵ دسمبر کی رات کو کردیا جائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ تعلیمی پالیسی اور نظام تعلیم کو قومی تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے ...

موجودہ عائلی قوانین کی جگہ شرعی قوانین جلد نافذ کردیے جائیں گے

سودی نظام ڈیڑھ برس کے اندر تین مرحلوں میں ختم کردیا جائیگا: چودھری رحمت الٰہی

ملتان۔ (خصوصی رپورٹر) وفاقی وزیر پانی و بجلی اور قدرتی وسائل چودھری رحمت الٰہی نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت ...

مولانا محمد علی جوہر نے انتہائی نازک لمحات میں برصغیر کے مسلمانوں کی دانشمندانہ قیادت کی: بطل حریت کو دانشوروں کا خراج عقیدت

لاہور۔ (نمائندہ خصوصی) مجاہد تحریک آزادی اور تحریک خلافت کے رہنما مولانا محمد علی جوہر مرحوم کی صد سالہ تقریبات کے سلسلے میں گورنمنٹ کالج لاہور میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ملک کے ممتاز دانشوروں نے ان کی خدمات کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا۔ مقررین نے ...

مولانا محمد علی جوہر کی چند ذاتی اشیاء جن میں قرآن پاک اور طلائی تمغے بھی شامل ہیں

ہر قسم کی اردو کتابیں دستیاب ہیں۔ مفت فہرست کے لئے ہمیں لکھئے۔

اردو ڈائجسٹ

ہر مہینے اردو ڈائجسٹ حاصل کرنے کے لیئے
ہمیں لکھئے یا فون کیجیئے

PRICE: $2.00 (Postage 45c Extra) Subscription for one year $25.00

اپنے چیک TechnoPak کے نام لکھئے اور اس پتے پر بھیجیے:
Suite 804, 100 Echo Point, Scarborough, Ontario, Canada, M1W 2V2 (phones: (416) 497 9623, 493 4374)

Please Visit For
Halal Meat & Spices

حلال گوشت اور مرغیاں
نہایت سستے داموں پر مہیا کی جاتی ہیں
ٹورانٹو میں حلال گوشت کی
پہلی دوکان

AFRO ASIAN
918 PAPE AVENUE
TORONTO
PHONE: 463-1287

میری کسی سے دشمنی نہیں ہے میں پاکستان میں فخر سے گھومتی پھرتی ہوں

لندن سے لائے گئے قیمتی کے تمام سامان بجو چوری ہو گئے تھے - اداکارہ شمیم

لاہور ۔۔۔ سرزاہدہ خمری خصوصی فوجی عدالت میں شمیم دیگیتی لیبی کی سماعت کے دوران اداکارہ شمیم نے کہا کہ میری کسی سے دشمنی نہیں ہے ۔۔۔ میں پاکستان میں فخر سے گھومتی پھرتی تھی ۔۔۔

[illegible]

دہلی میں مسز اندرا گاندھی کی گرفتاری پر ہنگامے

قومی ایف ۔۔۔ وزیر اعظم مسٹر مرارجی ڈیسائی کی حکومت پر الزام لگایا ۔۔۔ بھارت کے وقار کو مجروح کیا ہے ۔۔۔

[illegible]

پروفیسر غفور احمد تجارت اور صنعت کے انچارج ہوں گے

[illegible]

چمپئنز ٹرافی ورلڈ الیون کے اختتام پر فاتح پاکستانی ہاکی ٹیم کے کپتان اصلاح الدین صدر جنرل محمد ضیاء الحق سے چمپئنز ٹرافی وصول کرنے کے بعد اسے فخر و مسرت کے ساتھ اوپر اٹھائے ہوئے ہیں۔ تصویر میں صدر کے علاوہ پاکستان ہاکی فیڈریشن کے سیکرٹری بریگیڈیئر منظور حسین عاطف اور ٹیم کے نائب کپتان ۔۔۔ شہناز شیخ ان کے قریب کھڑے ہیں۔

کرکٹ میچوں کے اختتام پر

قومی نقطہ نظر سے ایک جائزہ

از: ص ۔ ح لاهوری

بھارتی کرکٹ ٹیم کے تقریباً ڈھائی ماہ کے قیام کے دوران جو ٹیسٹ میچ کھیلے گئے وہ ختم ہو گئے۔ دونوں ملکوں کی میزبانی جس کی ہوتی ۔ مہمان نوازی کا روایتی مظاہرہ کیا گیا ۔۔۔

[illegible]

کیپٹل ٹریول اینڈ کیپیٹل ٹریڈرز

IATA

ٹی وی ، فریج اور کار وغیرہ کے شعبوں کے لیے

آج ہی فون کریں

FOR FURTHER INFORMATION CALL YOUR NEAREST OFFICE

Toronto: (416)465–5411
Windsor: (519)256–0654
Detroit: (313)963–3965
Columbus, Ohio.(614)457–3876

741 BROADVIEW AVE.
TORONTO, ONT. M4K 3Y3
Tel. 465-5411 465-5412

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اور معتبر بین الاقوامی اخبار

پندرہ روزہ

کریسنٹ

انٹرنیشنل

ٹورانٹو کینیڈا

جلد : ۷ | ۲ صفر ۱۳۹۹ھ | یکم جنوری ۱۹۷۹ء | شمارہ : ۷۰

"اداروں کے سربراہوں کو بھی دفتری اوقات میں نماز کے لئے شامل ہونے کی ہدایت"

پاکستان اور افغانستان تجارتی و اقتصادی تعاون کو فروغ دینے کے لیے مشترکہ وزارتی کمیشن قائم کریں گے

کمیشن وقتاً فوقتاً افغانستان کے لیے راہداری کی سہولتوں کا جائزہ بھی لیا کرے گا

کابل میں دونوں حکومتوں کی بات چیت کے اختتام پر مشترکہ اعلامیہ جاری کر دیا گیا

پشاور ۔۔۔ (پ پ) پاکستان اور افغانستان اس بات پر آمادہ ہو گئے ہیں کہ ایک مشترکہ وزارتی کمیشن تشکیل دیا جائے جو دونوں ملکوں کے درمیان تجارتی و اقتصادی تعاون کو فروغ دینے کے لئے عملی اقدامات کرے گا۔ وفاقی وزیر تجارت میاں زاہد سرفراز نے کابل سے واپسی پر اسلام آباد کے ہوائی اڈے پر اخباری نمائندوں کو بتایا کہ اس وزارتی کمیشن کا اجلاس ... پاکستان کے راستے افغانستان کی تجارت کا جائزہ لیا کرے گا اور اقتصادی اشتراک و تعاون کے لئے مزید شعبوں کی نشاندہی کرے گا۔ یہ کمیشن دونوں ملکوں کے درمیان صلاح مشورے کے بعد تشکیل دیا ... جائے گا۔ وفاقی وزیر نے مزید کہا کہ ان کے دورے کے بڑے مفید نتائج برآمد ہوئے ہیں اور توقع ہے کہ اس سے دونوں ملکوں کے درمیان دوستی اور تعاون کے نئے دور کا آغاز ہو گا۔

اسلام کی سربلندی کیلئے ہم ایرانی عوام کی جدوجہد کی مکمل حمایت کرتے ہیں :

آیت اللہ خمینی کے نائب کے نام مولانا مودودی، میاں طفیل اور اسعد گیلانی کے برقیے

لاہور ۔۔۔ (پ ۔ ر) جماعت اسلامی کے بانی مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی، میاں طفیل محمد اور سید اسعد گیلانی نے اسلام کی سربلندی کے لئے ایران میں تحریک آزادی کی حمایت کا اعلان کیا ہے۔ انہوں نے پیرس میں مقیم آیت اللہ خمینی کے نائب ڈاکٹر ابراہیم یزدی کے نام ایک مشترکہ برقیہ میں ایرانی عوام، علماء ... آیت اللہ شریعت مداری اور دیگر مذہبی و سیاسی رہنماؤں کو اپنی اور جماعت اسلامی کی جانب سے پورے تعاون کا یقین دلایا ہے ... اللہ تعالیٰ کی حاکمیت کے لئے دعاگو ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ اللہ تعالیٰ جلد وہ دن لائے جب ایرانی عوام کا خون رنگ لائے وہ کامیاب ہوں اور ملک میں اسلامی نظام کا نفاذ کر کے دنیا اور آخرت میں سرخرو ہوں۔

اسلامی تعزیرات سے متعلق چار مسودات قانون تیار کر لئے گئے

سنگسار کئے جانے والے کو چند پتھر مارنے کے بعد گولی مار دی جائے گی

بھوک سے تنگ آکر چوری کرنے والوں کو انتہائی سزائیں نہیں دی جائیں گی

گواہی کے لئے بھی مسلمان ہونے کی شرط ... ترمیم کر دی گئی

ایرانی عوام اپنے حقوق کے لیے لڑ رہے ہیں ہم ان کی حمایت کرتے ہیں : اصغر خان

مولانا نورانی نے ابھی تک انتخابی اتحاد کے مسئلے پر کوئی بات چیت نہیں کی

لاہور ۔۔۔ (وقائع نگار) تحریک استقلال کے سربراہ ایئر مارشل (ریٹائرڈ) اصغر خان نے ایرانی عوام کی حالیہ جدوجہد کی حمایت کی ہے اور کہا ہے کہ ہمارے ہمسایہ اسلامی ملک میں خونریزی جتنی جلد ختم ہو جائے اتنا ہی اچھا ہے۔ مسٹر اصغر خان نے کہا ہے کہ ایران کی موجودہ صورت حال پر انتہائی تشویش ہے ...

انتقالِ پُرملال

پروفیسر عزیز احمد (۱۹۱۴ء ۔ ۱۹۷۸ء)

ٹورانٹو ۔۔۔ پروفیسر عزیز احمد ۱۶ دسمبر ۱۹۷۸ء کو ٹورانٹو کے ویلزلی ہسپتال میں بوجہ کینسر انتقال کر گئے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ اللہ تعالیٰ ان کی روح کو سکون ابدی سے ہمکنار کرے اور ان کے لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ (آمین)

موت انسان کو خاموش تو کر سکتی ہے لیکن اس کے کارناموں کو نہیں مٹا سکتی۔ پروفیسر صاحب کی گرانقدر علمی خدمات ان کا نام زندہ رکھیں گی۔ عزیز صاحب کی وفات سے پاکستان ایک محب وطن دانشور اور دنیائے تاریخ و ادب ایک بلند پایہ ادیب سے محروم ہو گئی ہے۔ ...

پاکستانی صحافی کا اعزاز

اقوام متحدہ ۔۔۔ (پ پ) اقوام متحدہ کے اخباری نمائندوں کی ایسوسی ایشن کے عہدیداروں کے حالیہ انتخاب میں ایسوسی ایٹڈ پریس آف پاکستان کے صحافی چوہدری افتخار علی کو آئندہ سال کے لئے خزانچی منتخب کر لیا گیا ہے۔ انہیں ۹۹ ووٹ حاصل ہوئے ... صدر اور ... منتخب کیا گیا۔

لندن میں اسلامی مرکز ابلاغ کا قیام

لندن ۔۔۔ (پ پ) برطانیہ میں ایک اسلامی مرکز ابلاغ قائم کیا گیا ہے جس کا ہیڈ کوارٹر لندن میں ہو گا۔ پاکستان کے سینئر صحافی مسٹر منظم علی نے گزشتہ شب اپنے ایک صحافی ساتھی مسٹر فاروقی کی طرف سے دئیے گئے عشائیے میں اسلامی مرکز کی تفصیلات بتاتے ہوئے کہا اس مرکز ابلاغ میں مشترکہ مسائل پر تبادلہ خیال کیا جائے گا اور مغربی ممالک میں اسلامی ذرائع ابلاغ کو فروغ دینے اور عالم اسلام پر مغربی پریس کی یورش کا منظم جواب دینے کا انتظام کیا جائے گا۔ علاوہ ازیں مسلم صحافیوں کی تربیت کا بندوبست بھی کیا جائے گا۔ مسٹر منظم علی نے بتایا کہ آئندہ سال ایک کونشن منعقد کیا جائے گا جس میں "عالم اسلام اور مغربی اخبارات" کے موضوع پر ایک سیمینار ہو گا اور "اسلام کا نظریہ آزادی" اور "عظمت آدم" پر تفصیلی مقالات پیش کیے جائیں گے۔ مسٹر منظم علی نے کہا کہ مغربی اخبارات مسلم ممالک کے خلاف معاندانہ رویہ رکھتے ہیں اور عالم اسلام کی اہم خبروں کو بھی بہت کم جگہ دیتے ہیں ...

افغان روس معاہدہ پاکستان یا کسی دوسرے ملک کے خلاف نہیں

صدر ترہ کئی کی پاکستانی وفد کو یقین دہانی

اسلام آباد ۔۔۔ (پ پ) پاکستان کے وزیر تجارت میاں زاہد سرفراز نے آج کابل سے واپسی پر افغانستان کی انقلابی کونسل کے سربراہ وزیر اعظم مسٹر نور محمد ترہ کئی سے اپنی ملاقات کا ذکر کرتے ہوئے کہا ... افغانستان کے سربراہ نے پاکستان کے بارے میں دوستانہ جذبات کا اظہار کیا ...

... اصغر خان نے ایک سوال کے جواب میں بتایا کہ ابھی تک کسی اور جماعت سے انتخابی اتحاد کے متعلق نہیں سوچا ...

Please subscribe to the CRESCENT, a Pakistani English/Urdu Newepaper in regular print for the last 7 years.

SUBSCRIPTION RATES:

1 Year ... $8.00 (US Air Mail $10.00)
2 Years ...$14.00 (US Air Mail $17.00)
6 Months ... $5.00 (US Air Mail $6.00)
Anywhere else for 1 Year, By Air Mail $14.00

Please make cheques payable to "Crescent"

Crescent
کریسنٹ انٹرنیشنل
338 Hollyberry Trail
Willowdale, Ontario
Canada M2H 2P6
Telephone: (416) 493-4374

Name...
Address...
....
Postal Code...
Telephone No. ....